www.cpsglobal.org
www.mwkhan.com

الرسالہ

Al-Risala

July-August 2023 • Rs. 40

حج یا عید اضحیٰ دراصل حضرت ابراہیم کی
سنت کو دوبارہ زندہ کرنے کا عہد ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الرسالہ

July-August 2023 | Volume 48 | Issue 4

Prof. Farida Khanam
Editor-in-Chief

Dr Stuti Malhotra
Editor (Hindi Section)

Farhad Ahmad
Assistant Editor

Al-Risala
1, Nizamuddin West Market
New Delhi 110013
Mobile: 8588822679, Tel. 0120 4314871
Email: cs.alrisala@gmail.com

Annual Subscription Rates

Retail Price	₹40 per copy
Subscription by Book Post	₹200 per year
Subscription by Regd. Post	₹400 per year
Subscription (Abroad)	US $20 per year

Bank Details
Al-Risala Monthly
Punjab National Bank
A/c No. 0160002100010384
IFSC Code: PUNB0016000

To order books by
Maulana Wahiduddin Khan
please contact Goodword Books
Tel. 0120 4314871, Mobile: 8588822675
Email: sales@goodwordbooks.com

تحریر

مولانا وحید الدّین خاں

فہرست

قربانی	4
حج کا سبق	5
رسول کا نمونہ	6
آپ کی زندگی کیسی گزر رہی ہے	7
ایک سوال	8
وقت ضائع نہ کیجیے	9
اذنِ خداوندی کے بغیر	10
دو قسم کے انسان	11
جنت کی قیمت	12
فطری تربیت	13
ایک خطرناک صفت	14
ڈبل اسٹینڈرڈ	15
دینی تقاضے	16
دعوت کے حدود	17
مطالعۂ حدیث	18
ڈائری 1986	31
جدید فکر	42
محاسبۂ نفس کیا ہے	43
پیغمبر اسلام کا نمونہ	44
دعوت کا کام کیسے کریں؟	47
ईमान की हक़ीक़त ग़ैबी हक़ीक़तों को देखना है	1
ख़ुदा का सबूत	1
ख़ामोशी	3
पत्थर खिसक गया	4
बामक़सद ज़िन्दगी	7

Printed and published by Saniyasnain Khan on behalf of Al-Markazul Islami, New Delhi
Printed at Tara Art Printers Pvt. Ltd. A46-47, Sector 5, Noida-201301
Published from 1, Nizamuddin West Market, New Delhi-110013 Editor: Saniyasnain Khan

قربانی

درخت کیا ہے۔ ایک بیج کی قربانی۔ ایک بیج جب اپنے کو فنا کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے تو اس کے بعد ہی یہ ممکن ہوتا ہے کہ ایک سرسبز و شاداب درخت زمین پر کھڑا ہو۔ اینٹوں سے اگر آپ پوچھیں کہ مکان کس طرح بنتا ہے تو وہ زبان حال سے کہیں گی کہ کچھ اینٹیں جب اس بات کے لیے تیار ہوتی ہیں کہ وہ اپنے آپ کو ہمیشہ کے لیے زمین میں دفن کر دیں، اس کے بعد وہ چیز ابھرتی ہے جس کو مکان کہتے ہیں۔

یہی حال انسانی سماج کی تعمیر کا ہے۔ انسانیت کے مستقبل کی تعمیر اس وقت ممکن ہوتی ہے جب کہ کچھ لوگ اپنے کو بے مستقبل دیکھنے پر راضی ہو جائیں۔ ملت کی ترقی اس وقت ہوتی ہے جب کہ کچھ لوگ شعوری فیصلہ کے تحت اپنے آپ کو بے ترقی کر لیں— قربانی کے ذریعہ تعمیر، یہ قدرت کا ایک عالمگیر قانون ہے۔ اس میں کبھی کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ قدرت کا یہی اصول مادی دنیا کے لیے بھی ہے اور قدرت کا یہی اصول انسانی دنیا کے لیے بھی۔

عمارت میں ایک اس کا گنبد ہوتا ہے، اور ایک اس کی بنیاد۔ گنبد ہر ایک کو دکھائی دیتا ہے، مگر بنیاد کسی کو دکھائی نہیں دیتی۔ کیوں کہ وہ زمین کے اندر دفن رہتی ہے۔ مگر یہی نہ دکھائی دینے والی بنیاد ہے، جس پر پوری عمارت اور اس کا گنبد کھڑا ہوتا ہے۔ قومی تعمیر کا معاملہ بھی یہی ہے۔ قربانی یہ ہے کہ آدمی قومی تعمیر میں اس کی بنیاد بننے پر راضی ہو جائے۔

قربانی یہ نہیں ہے کہ آدمی جوش میں آ کر لڑ جائے اور اپنی جان دے دے۔ قربانی یہ ہے کہ آدمی ایک نتیجہ خیز عمل کے غیر مشہور حصہ میں اپنے کو دفن کر دے۔ وہ ایسے کام میں اپنی کوشش صرف کرے جس میں دولت یا شہرت کی شکل میں کوئی قیمت ملنے والی نہ ہو۔ جو مستقبل کے لیے عمل کرے، نہ کہ حال کے لیے۔ کسی قوم کی ترقی اور کامیابی کا انحصار ہمیشہ اسی قسم کے افراد پر ہوتا ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو کسی قوم کے مستقبل کی بنیاد بنتے ہیں۔ وہ اپنے کو دفن کر کے قوم کے لیے زندگی کا سامان فراہم کرتے ہیں۔

دین کے اعتبار سے قربانی کا مقصد ہے— اپنے وجود کے حیوانی حصہ کو قربان کرنا، اور اپنے وجود کے ربانی حصہ کو جنت کی ابدی دنیا کے لیے زندہ کرنا۔

حج کا سبق

قرآن میں اسلام کے ایک رکن حج کا بیان ہے۔ اس کے تحت ایک بات یہ بیان کی گئی ہے: لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ (22:28)۔ یعنی تاکہ وہ اپنے فوائد کو آنکھوں سے دیکھیں:

So that they may witness its benefit for them.

تفاسیر میں منافع کا مختلف مطلب بیان کیا گیا ہے: التجارۃ، منافع الآخرۃ، منافع الدارَین، مناسک، مغفرت، خیر و برکت، وغیرہ۔ اس کا ایک اور معنی بھی ہوسکتا ہے — تاکہ وہ اپنی آنکھوں سے زندگی کے مختلف میدانوں میں کام آنے والے مفید طریقے کا مشاہدہ کریں۔

مکہ میں وہ مفید طریقہ کیا ہے۔ رسول اللہ نے جب مکہ فتح کیا تو اس وقت کعبہ ابراہیمی تعمیر کے بجائے مشرکین مکہ کی بنیاد پر قائم تھا۔ سیرت کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے کعبہ کی عمارت میں مشرکین کی تعمیر کو باقی رکھا (صحیح البخاری، حدیث نمبر 1507)۔ اور یہ عمارت آج تک اسی طرح حطیم اور کعبہ کی چوکور عمارت کی شکل میں قائم ہے۔ اس طریقِ کار کو موجودہ دور کی اصطلاح میں پریکٹکل وزڈم کہا جاسکتا ہے، یعنی کوئی چیز عملی طور پر ناممکن ہو تو اس کو ترک کرکے ممکن طرزِ عمل کو اختیار کرنا:

If some principle is not practical or workable, it should be modified as per the situation's circumstances.

یہ صرف حج یا کعبہ کی بات نہیں ہے۔ یہ زندگی کا اصول ہے۔ مثلاً اکثر عورت و مرد شادی کے معاملے میں معیار پسند ہوتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کو ایسا زوج ملے جو ان کا آئڈیل ہو۔ مگر اس دنیا میں ایسا ہونا ممکن نہیں۔ اگر ایک اعتبار سے آئڈیل ہوگا تو دوسرے اعتبار سے وہ مس میچ ہوگا۔ اس مسئلہ کا حل امریکن رائٹر مزسائمن ایلکلیز (Simone Elkeles, b. 1970) نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ ہم سب مس میچ جوڑے ہیں، جو حقیقت میں ایڈجسٹ کرتے ہیں:

We're all a bunch of mismatched couples — that keep adjusting to the situation.

زندگی کے ہر معاملے میں ایسا ہوتا ہے کہ کوئی چیز جزئی اعتبار سے ہمارے مطابق ہوتی ہے، لیکن کچھ دوسرے پہلوؤں سے وہ ناموافق ہوتی۔ ایسے موقع پر پریکٹکل وزڈم یہ ہے کہ ناموافق پہلوؤں کے ساتھ ٹکراؤ کا طریقہ اختیار کرنے کے بجائے ایڈجسٹمنٹ کا راستہ اختیار کیا جائے۔ (ڈاکٹر فریدہ خانم)

رسول کا نمونہ

موجودہ زمانہ تحریکوں کا زمانہ ہے۔ چنانچہ موجودہ زمانے میں مسلمانوں کے اندر بڑی تعداد میں تحریکیں اٹھیں۔ ان مسلم تحریکوں میں ایک چیز مشترک ہے۔ وہ یہ کہ ہر تحریک یہ کہتی ہے کہ الرَّسُولُ قُدوَتُنَا (رسول اللہ ہمارے لیے نمونۂ عمل ہیں)۔ الفاظ مختلف ہوسکتے ہیں، لیکن ہر تحریک کا یہ ماننا ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے قدوہ یا نمونہ (model) ہیں۔ مگر عجیب بات ہے کہ تقریباً ہر ایک نے پیغمبر کا ماڈل مستقبل کے لحاظ سے بنا رکھا ہے۔ شاید کسی نے بھی حال کے اعتبار سے پیغمبر کو اپنا ماڈل نہیں بنایا۔

مثلاً ہر تحریک کا نشانہ یہ ہے کہ وہ موجودہ سسٹم کو اسلامائز کرے، اور اِس کو اس نمونے کے مطابق بنائے جس کو وہ پیغمبر اسلام کا نمونہ سمجھتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر تحریک اپنے آغاز ہی سے ٹکراؤ کے راستے پر چل پڑتی ہے۔ کیوں کہ وہ دیکھتی ہے کہ سسٹم پر کسی اور کا قبضہ ہے، اس لیے وہ پہلا کام یہ سمجھتی ہے کہ موجود سسٹم کو بدلیں، تاکہ دوسرے مطلوب سسٹم کو قائم کیا جاسکے۔

مگر پیغمبر اسلام کی سیرت کا مطالعہ بتاتا ہے کہ آپ نے اس کے برعکس، یہ پالیسی اختیار کی کہ مسائل کو اوائڈ کرو، اور مواقع (opportunities) کو استعمال کرو۔ مثلاً آپ نے قدیم مکہ میں کعبہ کے اندر بتوں کی موجودگی کے خلاف کوئی تحریک نہیں چلائی، بلکہ یہ کیا کہ ان بتوں کی وجہ سے کعبہ کے پاس زائرین کا جو مجمع (audience) اکٹھا ہوتا تھا، اس کو اپنی پرامن دعوت کے لیے بطورِ موقع استعمال کیا۔

موجودہ زمانے کی مسلم تحریکوں کا مطالعہ کیا جائے تو ان کے یہاں قدوہ اور اسوہ کی باتیں تو بہت ملیں گی، لیکن ان کی پالیسی میں عملاً یہ ملے گا — مسائل سے ٹکرانا اور مواقع کو نظر انداز کرنا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تحریکوں کو قدوہ یا اسوہ کی خبر تو ہے، مگر انھیں حکمتِ رسول (prophetic wisdom) کی کوئی خبر نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان تحریکوں میں ٹکراؤ تو ملتا ہے، لیکن کوئی مثبت نتیجہ نہیں ملتا۔

آپ کی زندگی کیسی گزر رہی ہے

مز سہگل ہمارے پڑوس میں رہتی ہیں۔ آج، 4 فروری 2020 کو میں اپنے آفس کے پاس پارک میں بیٹھا ہوا تھا کہ وہ آگئیں۔ بہت دنوں کے بعد ملاقات ہوئی تھی۔ چنانچہ انھوں نے مختلف باتیں پوچھیں۔ ان میں سے ایک یہ تھا کہ آپ کی زندگی کیسی گزر رہی ہے؟

میں نے جواب دیا کہ میں ایک ایسا انسان ہوں، جو اللہ رب العالمین کی یاد میں جیتا ہے۔ یہی میری زندگی کا سرمایہ ہے۔ لوگ بوڑھے ہوکر ریٹائرڈ لائف کا کوئی پیٹرن اختیار کرلیتے ہیں۔ میرا پیٹرن یہ نہیں ہے۔ میرا پیٹرن ہے —— اللہ کی یاد میں جینا۔ اللہ کی یاد میں جینے والے کے لیے کوئی بریک نہیں۔ میں جیسے پہلے اللہ کی یاد میں جیتا تھا، اسی طرح اب بھی اللہ کی یاد میں جیتا ہوں۔

مثال کے طور پر میں اس وقت ایک پارک میں بیٹھا ہوا ہوں۔ یہاں خدا کی طرف سے مجھ کو کئی چیزیں سپلائی ہورہی ہیں۔ مثلاً دھوپ اور آکسیجن، وغیرہ۔ یہ سب مجھ کو نہایت رائٹ پروپورشن میں سپلائی کی جارہی ہیں۔ اگر یہی چیزیں مجھ کو رائٹ پروپورشن (right proportion) میں نہ ملیں تو میری ساری زندگی اپسٹ (upset) ہوجائے گی۔ اب میں سوچتا ہوں کہ خدا کتنا عظیم ہے۔ اس کو یہ بھی معلوم ہے کہ انسان کے لیے کیا چیزیں درکار ہیں، اور ہر چیز میں اس کے لیے رائٹ پروپورشن کیا ہے۔

مثلاً، زمین کے اوپر سبزہ اور ہریالی ہے لیکن اس میں کانٹے نہیں ہیں، تاکہ مَیں آسانی کے ساتھ زمین پر چل پھر سکوں۔ اسی طرح خالق نے یہاں میرے لیے پانی کی سپلائی کا انتظام کیا۔ مگر اس کا نظام یہ ہے کہ پانی کی سپلائی زمین کے اوپر ندی اور نہر وغیرہ سے کی جارہی ہے، اور تیل کی سپلائی زمین کے اندر سے۔ یہ دونوں چیزیں ہم کو ہماری ضرورت کے عین مطابق مل رہی ہیں۔ اگر معاملہ اس کے برعکس ہو، یعنی پٹرول کی سپلائی اوپر سے ہو، اور پانی کی سپلائی نیچے سے، تو سارا نظام اپسٹ (upset) ہوجائے۔ اس طرح یہاں بہت سی چیزیں اپنے آپ سپلائی ہورہی ہیں، لیکن ہر چیز رائٹ پروپورشن میں عین انسان کی ضرورت کے مطابق اس کو مل رہی ہے۔ اگر پروپورشن بگڑ جائے تو ہر چیز انسان کے لیے مسئلہ بن جائے گی۔

ایک سوال

ایک مرتبہ اپنے والد محترم سے میری گفتگو ہوئی، جو کہ جامعہ دارالسلام عمر آباد میں معہد ثانویہ کے مدیر ہیں۔ میری ان سے گفتگو ہوئی تو میں نے کہا کہ مولانا وحید الدین خان صاحب أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ (اللہ سے شدید محبت) کی اہمیت بتاتے ہیں۔ انھوں نے پوچھا کہ وہ کیسے؟ میں نے کہا کہ خدا کی نعمتوں کے تذکرے سے اور ملی ہوئی نعمتوں پر شکر ادا کرنے سے۔ دوسری بات میں نے یہ بتائی کہ عام طور پر امت کے بہت سے علما اور عوام اپنے اکابر کے بارے میں بہت حساس ہوتے ہیں، وہ ان کے خلاف ذرا بھی سننا گوارا نہیں کرتے۔ اس کے برخلاف مولانا کا یہ حال ہے کہ مولانا خدا کے معاملے میں ہمیشہ حساس رہتے ہیں۔ والد محترم نے کہا کہ یہی تو اصل چیز ہے کہ آدمی خدا کے بارے زیادہ حساس ہو جائے۔ میرا سوال یہ ہے کہ ایک انسان خدا کے بارے میں حساس کیسے بن سکتا ہے (حافظ سید اقبال احمد عمری، عمر آباد، تامل ناڈو)۔

اللہ رب العالمین سے گہرے تعلق کا راز صرف ایک ہے۔ وہ یہ کہ بندہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو دریافت کرے، جو ہر آن اس کو پہنچ رہی ہے۔ مثلاً پانی کی سپلائی، ہوا کی موجودگی، آکسیجن کا نظام، سورج کی روشنی، زمین میں اشیائے خوراک کا پیدا ہونا، وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کی ان گنت نعمتیں ہیں، جو ہر وقت انسان کو پہنچ رہی ہیں۔ اس کی وجہ سے انسان کا وجود قائم ہے۔ اس قسم کی نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ ان کے بارے میں درست طور پر قرآن میں آیا ہے "إِنْ تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوهَا (14:34)۔ یعنی اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گنو تو تم گن نہیں سکتے"۔ آدمی اگر ان حیات بخش نعمتوں کو صبح و شام یاد کرتا رہے تو ان نعمتوں کی یاد سے وہ ہر وقت سرشار رہے گا۔

حقیقت یہ ہے کہ محبت، نعمت کے جواب (response) کے طور پر کسی انسان کے اندر پیدا ہوتی ہے۔ جب ایک انسان اللہ کو اپنے سب سے بڑے محسن اور منعم کی حیثیت سے دریافت کرتا ہے تو اس کے نتیجے میں ایسا ہوتا ہے کہ اس کے سینے میں اللہ کے لیے محبت کا سمندر موجزن ہو جاتا ہے۔ اِسی کا نام حبِّ شدید ہے۔ محبت اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک دریافت (discovery) کا نتیجہ ہے، وہ محض ایک حکم کی رسمی تعمیل نہیں۔

وقت ضائع نہ کیجیے

انسان دنیا میں کس لیے آیا ہے — وہ اِس لیے نہیں آیا ہے کہ یہاں اپنی پسند کی جنت قائم کرے۔ وہ یہاں صرف اِس لیے آیا ہے کہ اپنے آپ کو خالق کی پسند کے مطابق بنائے (البقرۃ، 2:38)۔ انسان کو موجودہ دنیا میں صرف چند سال کی عمر ملی ہے۔ چند سال کی اِس مدت میں کوئی دوسرا کام کرنا، اپنے آپ کو ہمیشہ کے لیے ضائع کر لینا ہے۔ صحیح استعمال صرف وہ ہے جو موت کے بعد کام آئے۔ موت کے بعد صرف وہ انسان کامیاب قرار دیا جائے گا جس نے موت سے پہلے کی زندگی میں اپنے آپ کو خالق کی پسند کے مطابق بنایا ہو۔

خالق کی پسند کیا ہے، زمین و آسمان میں پھیلی ہوئی فطری نشانیاں اس کا زندہ نمونہ ہیں (آل عمران، 3:190)۔ فطرت کی وادیوں میں جاری چشمے خالق کی پسند کا اعلان کر رہے ہیں۔ ہرے بھرے درخت اپنی خاموش زبان میں خالق کی پسند کو بتا رہے ہیں، یہاں کی فضاؤں میں اڑتے ہوئے پرندے خالق کی پسند کا چرچا کر رہے ہیں، یہاں کے خوب صورت پہاڑوں میں خالق کی پسند کا نغمہ گونج رہا ہے۔ یہاں کی مسحور کُن فضاؤں میں ہر طرف خالق کی پسند کا جلوہ دکھائی دیتا ہے۔ فطرت کے ماحول میں انسان خالق کے پڑوس کا تجربہ کرتا ہے۔ یہ گویا فطرت کی زبان میں خالق کا کلام ہے۔

اس دنیا میں پیدا ہونے والے ہر انسان کا پہلا فرض ہے کہ وہ قرآن کی روشنی میں خالق کی اِس زندہ کتاب کو پڑھے اور اس کے مطابق، اپنی زندگی کی تشکیل کرے۔ جو لوگ یہ کام نہ کریں، اُن کے لیے موت کے بعد صرف یہ انجام سامنے آئے گا کہ وہ ابد تک حسرت میں جیتے رہیں۔ اُن کے حصے میں صرف یہ مایوسانہ سوچ آئے کہ اُن کا کیس صرف مواقع کے استعمال سے محرومی کا کیس تھا:

Mine was a case of missed opportunities.

اس دنیا میں کرنے کا کام صرف یہ ہے کہ آدمی یہاں اپنی شخصیت کو جنتی شخصیت بنائے، تاکہ آخرت میں اس کو اللہ کی ابدی جنت میں داخلہ ملے۔ موجودہ دنیا جنت کی تعمیر کی جگہ نہیں ہے، بلکہ وہ جنتی شخصیت کی تعمیر کی جگہ ہے۔ اِس دنیا میں جنتی شخصیت کی تعمیر ہی وہ کام ہے جس میں انسان کی حقیقی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔

اذنِ خداوندی کے بغیر

قرآن کی ایک آیت ان الفاظ میں آئی ہے: أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ (42:21)۔ یعنی کیا ان کے کچھ شریک ہیں جنھوں نے ان کے لیے ایسا دین مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی۔

شرک یہ ہے کہ کسی غیرِ خدا کو وہ درجہ دیا جائے، جو صرف اللہ رب العالمین کا حق ہے۔ مثلاً کسی سے بے انتہا محبت کرنا، کسی اور کو اپنا سول کنسرن بنانا، کسی اور سے وہ امید رکھنا جو امید صرف اللہ سے رکھنا چاہیے، وغیرہ۔ اللہ رب العالمین ہر انسان کا خالق اور رازق ہے۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اپنی زندگی میں بڑائی کا درجہ صرف اللہ رب العالمین کو دے، نہ کہ کسی اور کو۔

مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ (جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی) کا تعلق صرف معروف شرک سے نہیں ہے، بلکہ اس کا تعلق انسان کے تمام قول اور عمل سے ہے۔ خدا کے منصوبۂ تخلیق کے مطابق، انسان کو وہی بولنا ہے، جس کی اجازت خدا نے دی ہے۔ انسان کو وہی کرنا ہے، جس کا اِذن (اجازت) اس کو اللہ رب العالمین کی طرف سے حاصل ہو۔

مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ (جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی) کا تعلق ہر انسانی معاملے سے ہے۔ مثلاً جھوٹ بولنا مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ میں شامل ہے، خواہ وہ براہ راست جھوٹ ہو یا بالواسطہ جھوٹ۔ اسی طرح انسان سے بدخواہی کرنا بھی مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ میں شامل ہے۔ انسانی سماج میں منفی جذبات کے ساتھ جینا بھی مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ میں شامل ہے۔ یعنی خدا کی زمین پر ایسا کام کرنا، جس کی اجازت اللہ نے نہ دی ہو:

That is not sanctioned by Allah

یہ کسی مرد یا عورت کے لیے ناقابل معافی جرم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر کسی سے ایسا کوئی عمل سرزد ہوتا ہے، تو اس کو چاہیے کہ وہ کھلے طور پر اپنی غلطی کا اعتراف کرے، اور اللہ رب العالمین سے کھلے دل کے ساتھ معافی مانگے۔

دو قسم کے انسان

دنیا میں دو قسم کے انسان پائے جاتے ہیں۔ ایک وہ جو زیادہ بولتے ہیں، لیکن کام میں پیچھے رہتے ہیں۔ اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو بقدرِ ضرورت بولتے ہیں، ورنہ چپ رہتے ہیں۔ انسانی نفسیات کا مطالعہ بتاتا ہے کہ جو لوگ زیادہ بولتے ہیں، وہ کم سوچتے ہیں۔ اور جو لوگ کم بولتے ہیں وہ زیادہ سوچتے ہیں، اور جو بات بھی کرتے ہیں، سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ پہلی قسم کے انسان کو غیر سنجیدہ انسان کا نام دیا جاسکتا ہے، اور دوسری قسم کے انسان کو سنجیدہ انسان۔

یہ کوئی سادہ بات نہیں۔ زیادہ بولنے والا انسان کرنے کے معاملے میں کم ہوگا۔ اس کے برعکس، جو انسان کم بولے گا، وہ کرنے کے معاملے میں زیادہ ہوگا۔ عقل مند آدمی وہ ہے، جو کسی کے بولنے کو نہ دیکھے، بلکہ یہ دیکھے کہ وہ عمل کے معاملے میں کیسا ہے۔ قاسم بن محمد تابعی (وفات 107ھ) بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا ہے کہ اصحابِ رسول عمل سے خالی باتوں کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھتے تھے۔ امام مالک نے بتایا کہ اصحابِ رسول انسان کے عمل کو دیکھتے تھے، وہ انسان کے بولنے کو نہیں دیکھتے تھے (الجامع لابن وہب: 406)۔

اس سلسلے میں قرآن میں دو متعلق آیتوں کا ترجمہ یہ ہے: اے ایمان والو، تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ تم ایسی بات کہو جو تم کرو نہیں (61:2-3)۔ مفسر ابن کثیر ان آیات کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ یہ ان لوگوں پر تنقید ہے، جو کہتے ہیں، لیکن کرتے نہیں، وعدہ کرتے ہیں، لیکن اس کو پورا نہیں کرتے۔ بعض علما نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ وعدہ کا پورا کرنا مطلقاً واجب ہے، خواہ جس سے وعدہ کیا ہے وہ اس کی تاکید کرے یا نہ کرے (تفسیر ابن کثیر، جلد 8، صفحہ 105)۔

حقیقی انسان وہ ہے، جس کے کہنے اور کرنے میں مطابقت ہو، حتی کہ اس وقت بھی جب کہ آدمی کو اپنے کہنے کی قیمت دینی پڑے۔ جب ایک انسان کے اندر یہ صفت پیدا ہو جائے تو وہ بولنے سے پہلے بہت زیادہ سوچے گا۔ وہ کوئی ایسی بات بولنے سے بچے گا، جو وہ پورا نہ کرسکتا ہو۔ اس حقیقت کو ایک حدیثِ رسول میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ ایمان والے کو چاہیے کہ وہ خیر کی بات کرے یا چپ رہے (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6018)۔

جنت کی قیمت

انسان سے جو اعلیٰ عمل مطلوب ہے، وہ اصلاً صرف ایک ہے، اور وہ ہے ٹوٹل فریڈم کے ساتھ ٹوٹل سرینڈر۔ یہ ایک بہت نادر شرط تھی۔ اللہ رب العالمین جو عالم کُل ہے، اس کو معلوم تھا کہ انسان کے لیے اس پر قائم ہونا، بہت ہی مشکل کام ہوگا۔ اس کمی کی تلافی کے لیے انسان کو ایک نادر رعایت دے دی گئی، جس کو قرآن میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: (ترجمہ) کہو کہ اے میرے بندو، جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ بیشک اللہ تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہے، وہ بڑا بخشنے والا، مہربان ہے (39:53)۔

اسلام کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اہل اسلام کی گاڑی بہت کم رائٹ ٹریک (right track) پر قائم رہی۔ مسلم تاریخ میں انفرادی طور پر لوگ رائٹ ٹریک پر قائم ملتے ہیں، لیکن عمومی سطح پر ایسے لوگ نہیں ملتے ہیں جو اس شرط پر پورے اتریں۔ یعنی اسلام کی تاریخ میں صرف کچھ افراد رائٹ ٹریک پر پوری طرح قائم رہ سکے۔ جماعت کے اعتبار سے اس کی مثال شاید دورِ اول کے بعد نہیں ملتی۔ کیا وجہ ہے کہ اہل اسلام کی گاڑی بہت کم رائٹ ٹریک پر قائم رہی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ منصوبۂ تخلیق کے مطابق، انسان کو ٹوٹل فریڈم دیا گیا ہے، لیکن اس کے ساتھ اس سے یہ مطلوب ہے کہ خدا کے آگے وہ ٹوٹل سرینڈر کا طریقہ اختیار کرے۔

عام طور پر انسان رائٹ ٹریک پر کمپلشن کی صورت حال میں قائم رہتا ہے، یعنی جبر کا موقع ہو تو انسان رائٹ ٹریک پر رہتا ہے، لیکن آزادانہ ماحول ملتے ہی وہ رائٹ ٹریک سے ڈی ریل (derail) ہو جاتا ہے (الاعراف، 7:171)۔ صرف وہی لوگ سیلف ڈسپلن کی زندگی گزارتے ہیں، جو کامل معنوں میں بااصول انسان ہوں۔ سیلف ڈسپلن، یعنی اختیارانہ طور پر سچائی کے آگے سرینڈر کرنا۔

جنت کو اہل تقویٰ، انتہائی اعلیٰ کردار کے لوگوں کا مسکن بتایا گیا ہے (النساء، 4:69)۔ یعنی وہ لوگ جو اللہ رب العالمین کی قربت چاہتے ہیں (التحریم، 66:11)۔ اہل جنت کے ان اوصاف کو ایک لفظ میں کہا جاسکتا ہے کہ وہ اعلیٰ درجے میں قابلِ پیشین گوئی کردار (predictable character) کے حامل ہوں گے، یعنی کامل معنوں میں بااصول انسان۔

فطری تربیت

راقم الحروف کی زندگی کو پڑھنے کے بعد ایک صاحب نے یہ سوال کیا ہے کہ" آپ کی اکثر عادتیں خدائی عطیہ (God gifted) ہیں، یا آپ نے نیچر سے یہ سیکھا ہے"۔

میرا تجربہ یہ ہے کہ میں کبھی مروجہ سوسائٹی سے زیادہ قریب نہیں ہوا۔ چنانچہ اپنے بارے میں میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ:

I am a man with difference

اور یہ کہ:

I am a self-made man

مجھے یاد آتا ہے کہ میں گاؤں میں رہتا تھا۔لیکن میں نے گاؤں والوں کی کوئی عادت نہیں سیکھی۔ مثلاً میرے بچپن کا واقعہ ہے۔ میں اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا۔ اسی وقت ایک لڑکا مجھے گالی کے الفاظ بولتا ہوا چلا گیا۔ اس کو سن کر میرے اندر کوئی ردّعمل پیدا نہیں ہوا۔ میں نے صرف یہ کہا کہ تم خود۔ اور یہ کہتے ہوئے میں گھر کے اندر چلا گیا۔ اسی طرح ایک واقعہ یہ ہے کہ میرے پڑوس میں ایک صاحب رہتے تھے۔ ان کے یہاں ایک بار چوری ہوگئی۔ چور گھر کا باکس کھول کر زیور نکال لے گیا۔ یہ بات اس وقت کی ہے، جب میں چھوٹا تھا، اور پڑوسی کے گھر آیا جایا کرتا تھا۔ چنانچہ پڑوسی کی خاتون نے چوری کا الزام میرے اوپر لگا دیا۔ یہ بات سن کر مجھے ہنسی آ گئی۔ مجھے پڑوسی کی بات پر غصہ نہیں آیا۔ بلکہ ہنس کر اس کی بات کو نظر انداز کر دیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے محسوس ہوا کہ یہ تو بالکل مضحکہ خیز بات ہے۔ ان لوگوں نے مجھ پر ایک ایسی بات کا الزام لگایا ہے، جو کبھی میں نے نہیں کیا ہے۔

یہ میری عادت کا معاملہ تھا۔ اپنی اس عادت کی بنا پر میں آس پاس کے لوگوں کی باتوں سے کبھی متاثر نہیں ہوا۔ میری یہ عادت ہمیشہ جاری رہی۔ اس بنا پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ میری فطرت ہمیشہ انٹیکٹ (intact) رہی۔ میں نے کبھی گاؤں کے ماحول کا اثر قبول نہیں کیا۔ میں ہمیشہ فطرت پر قائم رہا۔ اور فطرت بلاشبہ انسان کو سچائی کی طرف گائڈ کرتی ہے۔

ایک خطرناک صفت

انسان کو استثنائی طور پر یہ صفت دی گئی ہے کہ اس کو ہر چیز میں ایک لذت (taste) کا احساس ہوتا ہے۔ اس لذت کو ابتدائی درجے میں رکھا جائے تو فطرت کے عین مطابق ہوگا، اور اگر اس لذت کو لامحدود طور پر حاصل کرنے کی کوشش کی جائے تو اس سے ہر قسم کی برائیاں وجود میں آئیں گی۔

اِس معاملے کی حقیقت یہ ہے کہ کوئی چیز جب آدمی کی زندگی میں داخل ہوتی ہے تو ابتداءً وہ صرف لذت (taste) کے درجے میں ہوتی ہے۔ دھیرے دھیرے وہ عادت (habit) کی صورت اختیار کرتی ہے۔ پھر مزید ترقی کرکے وہ ایڈکشن (addiction) بن جاتی ہے۔ اس کے بعد جو اگلا مرحلہ آتا ہے، وہ ہے پوائنٹ آف نو ریٹرن (point of no return)۔ جب یہ آخری مرحلہ آجائے تو آدمی کی اصلاح عملاً ناممکن ہوجاتی ہے۔

اسی حقیقت کو قرآن میں توبۂ قریب (4:17) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ جب اس سے کوئی خطا سرزد ہو تو وہ بلا تاخیر توبہ قریب (speedy repentance) کا طریقہ اختیار کرے، وہ فوراً اپنا محاسبہ کرے، اپنے آپ کو بدلے، اپنی غلطی کا کھلا اعتراف کرتے ہوئے اپنی زندگی کی تعمیر نو کرے۔

غلطی کرنے کے بعد آدمی کو چاہیے کہ وہ کل کا انتظار نہ کرے، بلکہ وہ آج ہی پہلی فرصت میں اس کی تلافی کرے۔ فطرت کے قانون کے مطابق یہی طریقہ صحیح طریقہ ہے۔

آدمی کو کبھی بھی توبۂ بعید کا انتظار نہیں کرنا چاہیے، اس لیے کہ غلطی کے پیچھے ہمیشہ کوئی لذت شامل رہتی ہے، مادی لذت یا ذہنی لذت۔ اگر آدمی غلطی کے بعد فوراً اس کی اصلاح نہ کرے تو اس کے بعد اس کے اندر اِس لذت پسندی کی بنا پر ایک نفسیاتی عمل شروع ہوجائے گا۔ لذت دھیرے دھیرے عادت بنے گی، اس کے بعد وہ ایڈکشن (addiction) بن جائے گی، اور پھر وہ وقت آجائے گا، جب کہ آدمی کے لیے ابتدائی حالت کی طرف واپسی ناممکن ہوجائے۔

ڈبل اسٹینڈرڈ

یہ ایکسپریس ٹرین کا فرسٹ کلاس تھا۔ ایک مرد اور عورت اپنے بچہ کے ساتھ کمپارٹمنٹ میں داخل ہوئے۔ وہاں پہلے سے ایک آدمی تھا، جو سگریٹ پی رہا تھا۔ مرد نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے انگریزی میں کہا کہ میرا خیال ہے کہ کمپارٹمنٹ کے اندر سگریٹ پینے کی اجازت نہیں:

I think smoking is not allowed inside the compartment

اس کے بعد میاں بیوی دونوں ایک طرف بیٹھ گئے اور پھر نہایت اطمینان کے ساتھ بچہ سے مل کر زور زور سے باتیں کرنے اور قہقہہ لگانے میں مشغول ہو گئے۔ ان کے نزدیک کمپارٹمنٹ کے اندر" دھواں" کرنا ناجائز تھا، مگر اسی کمپارٹمنٹ کے اندر شور کرنا ان کے نزدیک عین درست تھا۔

یہی آج کل تمام انسانوں کا حال ہے۔ ایک آدمی اتفاق سے جس چیز کا عادی نہیں ہے یا جو چیز اتفاق سے اس کی عادت میں شامل نہیں ہوئی ہے، اس کا برا ہونا اس کو معلوم ہے۔ وہ کسی شخص کو اس میں مشغول دیکھتا ہے تو بہت زور وشور کے ساتھ اس کے غلط ہونے کا اعلان کرتا ہے۔ مگر اسی درجہ کی دوسری برائی جس میں وہ آدمی خود مبتلا ہے، وہ اس کو نظر نہیں آتی، حتی کہ اس کو یہ احساس بھی نہیں ہوتا کہ یہ غلط ہے۔ وہ دوسرے کی برائی کا خوب ذکر کرتا ہے مگر وہ اپنی برائی کے بارے میں خاموش رہتا ہے۔

برائی کی ایک قسم اور ہے جو اس سے بھی زیادہ عجیب ہے۔ اور وہ ہے— خودرا فضیحت دیگراں را نصیحت۔ یعنی دوسروں کو برا کہنا اور خود اُسی برائی میں مبتلا ہونا۔ ایک آدمی دوسرے کو دوُرخا (double standard) ہونے کا الزام دے گا، حالاں کہ وہ خود دوُرخا ہوگا۔ ایک آدمی دوسرے کی اقربانوازی کے خلاف جھنڈا اٹھائے گا، حالاں کہ اپنے دائرہ میں وہ خود اقربانوازی کر رہا ہوگا۔ ایک آدمی دوسرے کو اتحاد دشمن بتائے گا، حالاں کہ وہ خود اتحاد دشمنی کے عمل میں مبتلا ہوگا۔ ایک آدمی دوسرے کی مصلحت پرستی کا انکشاف کرے گا، حالاں کہ وہ اپنے مفاد کے معاملہ میں خود بھی مصلحت پرست بنا ہوا ہوگا۔ لوگ تضاد میں جی رہے ہیں۔ وہ بھول جاتے ہیں کہ یہ خدا کی دنیا ہے۔ اور خدا کی بے تضاد دنیا میں تضاد کا رویہ اتنا بڑا جرم ہے جس کی کوئی معافی نہیں۔

دینی تقاضے

1۔ دین میں پہلی چیز ایمان ہے۔ ایمان خدا کی معرفت کا نام ہے۔ ایک انسان پر جب یہ حقیقت کھلتی ہے کہ خدا اس کا رب ہے اور وہ اس کا بندہ، اور یہ کہ خدا نے اس کی ہدایت کے لیے محمد بن عبداللہ کو اپنا رسول بنا کر اس کے پاس بھیجا ہے تو وہ بے اختیار کہہ اٹھتا ہے: لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ۔ یہی ایمان ہے اور اسی کو کلمۂ اسلام کہا جاتا ہے۔

2۔ ایمان کی دریافت کے فوراً بعد یہ ہوتا ہے کہ آدمی اپنے خالق و مالک کے آگے مکمل طور پر جھک جاتا ہے۔ وہ اپنے تمام بہترین احساسات کو خدا کی طرف موڑتے ہوئے اس کا پرستار بن جاتا ہے۔ اسی کا نام شریعت میں عبادت ہے۔

3۔ ایسے انسان کا سابقہ جب خدا کے بندوں سے پڑتا ہے تو وہ اپنے مزاج کے تحت ہر ایک سے تواضع کے ساتھ پیش آتا ہے۔ وہ ہر ایک کا خیر خواہ بن جاتا ہے۔ لوگوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں وہ ہمیشہ انصاف کا طریقہ اختیار کرتا ہے۔ اس سے کسی کو غیر انسانی سلوک کا تجربہ نہیں ہوتا۔ یہی وہ روش ہے جس کا نام اسلامی اخلاق ہے۔ اسلامی اخلاق کے اصول پر قائم رہنے کے لیے صبر انتہائی طور پر ضروری ہے۔ جو آدمی صبر کرنے کے لیے تیار نہ ہو وہ لوگوں کے ساتھ اسلامی اخلاق برتنے میں بھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔

4۔ جس آدمی کے اندر ایمان کی کیفیت پیدا ہو جائے وہ اپنے قریبی ماحول کے بارے میں غیر جانبدار بن کر نہیں رہ سکتا۔ اس کا احساس مجبور کرتا ہے کہ وہ برا کرنے والوں کو برائی کرنے سے روکے اور لوگوں کو بھلائی کا طریقہ اختیار کرنے کی ترغیب دے۔ اس کا نام شریعت میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔

5۔ آخری چیز دعوت الی اللہ ہے۔ یعنی تمام انسانوں کو یک طرفہ خیر خواہی کے ساتھ خدا کے تخلیقی نقشہ سے باخبر کرنا، انسان کو اس کے رب سے جوڑنا، اس کو خدا پرستانہ زندگی سے آگاہ کرنا۔

دعوت کے حدود

قرآن میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ تم لوگوں کو نصیحت کرو، کیوں کہ تم صرف نصیحت کرنے والے ہو۔ تم لوگوں کے اوپر داروغہ نہیں ہو (88:21-22)۔ اسی طرح دوسرے مقام پر کہا گیا ہے کہ تم لوگوں کے اوپر زبردستی کرنے والے نہیں ہو، پس تم قرآن کے ذریعہ اس شخص کو نصیحت کرو جو میرے پیغام کو سننے کے لیے راضی ہو (50:45)۔ حضرت ابوموسیٰ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے کسی صحابی کو کسی کام پر بھیجتے تو فرماتے: بَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا، وَيَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا (صحیح مسلم، حدیث نمبر 1732)۔ یعنی، خوش خبری دو اور متنفر نہ کرو، آسانی پیدا کرو اور لوگوں کو مشکل میں نہ ڈالو۔

اس طرح کی آیتیں اور حدیثیں گویا دعوت کے عمل کی حد بندی کر رہی ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ داعی کو ابلاغ کے دائرے میں رہ کر کام کرنا ہے، اس کو اجبار (زور زبردستی) کے دائرے میں داخل نہیں ہونا ہے۔ اس کے لیے یہ مناسب طریقہ ہے کہ وہ سمجھانے بجھانے کے تمام ذرائع کو استعمال کرے۔ مگر اس کو یہ حق نہیں کہ وہ دین کے نام پر دھرنا یا احتجاج، وغیرہ کا راستہ اختیار کر کے عام لوگوں کے لیے تکلیف کا سبب بنے (سنن ابوداؤد، حدیث نمبر 2629)۔ مثال کے طور پر شتم رسول کو لیجیے۔ شتم رسول کا واقعہ پیش آنے پر مسلمانوں کا مروجہ احتجاجی ردعمل اسلامی تعلیمات کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا۔ یہاں ایک داعی کو یہ کرنا ہے کہ وہ دلائل کے ذریعہ پیغمبر اسلام کی سیرت اور ان کے پیغام کو لوگوں کے سامنے پیش کرے۔ ''شتم رسول'' کا واقعہ آپ کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ لوگوں کے سامنے پیغمبر کی تعلیمات کو پرامن انداز میں پیش کریں۔

لیکن اگر کچھ لوگ ''اینٹی شتم رسول مہم'' چلائیں۔ وہ شتم رسول کے خلاف سڑکوں پر دھرنا دیں، مفروضہ شاتم کا پتلا (effigy) بنا کر اس کو جلائیں اور دکانوں کو بند کرائیں، وغیرہ تو اس قسم کی مہم درست نہ ہوگی۔ یہ گویا ابلاغ کی حد کو پار کر کے اجبار کی حد میں داخل ہونا ہے۔ ایسا طریقہ عام انسانوں کو اللہ اور اس کے دین سے دور کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اس قسم کی ''اینٹی'' مہم چلانا گویا دعوتی مواقع کو قتل کرنا ہے۔ اپنی حقیقت کے اعتبار سے یہ تخریب کاری ہے، نہ کہ دین کی خدمت۔

مطالعۂ حدیث

شرح مشکاۃ المصابیح

47

معاذ بن جبل کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ایمان کی بابت سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: یہ کہ تم اللہ کے لیے محبت کرو اور تم اللہ کے لیے ناپسند کرو۔ اور اپنی زبان کو اللہ کے ذکر میں مشغول رکھو، انہوں نے کہا کہ اور کیا۔ اے خدا کے رسول۔ آپ نے فرمایا کہ تم دوسروں کے لیے وہی پسند کرو جو تم خود اپنے لیے پسند کرتے ہو اور تم دوسروں کے لیے بھی اس چیز کو ناپسند کرو جس کو تم اپنے لیے ناپسند کرتے ہو (مسند احمد، حدیث نمبر 22130)۔

افضل ایمان سے مراد اعلیٰ ایمان ہے۔ یہ اعلیٰ ایمان اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کہ آدمی کا ایمان صرف لفظی اقرار کے ہم معنی نہ ہو۔ بلکہ وہ شعوری دریافت اور داخلی انقلاب کی حیثیت رکھتا ہو۔ اصل یہ ہے کہ اسلام کا آغاز کلمۂ ایمان کے اقرار سے شروع ہوتا ہے، مگر اللہ کے نزدیک اتنا ہی کافی نہیں۔ آدمی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اِس لسانی سطح کے ایمان کو عقلی سطح کا ایمان بنائے۔ یہ گویا کلمہ گوئی کے بعد اس کی تکمیل ہے۔ اسی تکمیلی ایمان کو قرآن میں داخل القلب ایمان (49:14) کہا گیا ہے۔ اس قسم کا ایمان جب کسی کو ملتا ہے تو وہ اپنے محبت ونفرت کے جذبات کو اپنی خواہش کے تابع کرنے کے بجائے وہ اس کو مکمل طور پر حق کے تابع کر دیتا ہے۔ اس کے اندر وہی روحانی اور اخلاقی صفات پیدا ہو جاتی ہیں جن کا اس حدیث میں ذکر کیا گیا ہے۔

48

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اے خدا کے رسول اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم کسی کو اللہ کے برابر ٹھہراؤ حالاں کہ اللہ نے تم کو پیدا کیا ہے۔ اس نے کہا کہ اس کے بعد کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم اپنی اولاد کو اس اندیشہ سے قتل کرو کہ وہ تمہارے ساتھ کھائیں گے۔ اس نے کہا اس کے بعد کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔ پھر اللہ نے اس کی تصدیق میں قرآن کی یہ آیت

(25:68) نازل فرمائی: اور جولوگ اللہ کے سوا کسی دوسرے معبود کونہیں پکارتے ہیں۔ اور وہ اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کوقتل نہیں کرتے مگرحق پر۔ اور وہ بدکاری نہیں کرتے۔ اور جوشخص ایسے کام کرے گا تو وہ سزا سے دوچار ہوگا (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 6861؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 86)۔

خدا کے معاملہ میں کسی انسان کا سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ وہ کسی کوعظمت کا وہ درجہ دے جو صرف ایک خدا کا حق ہے۔ انسان کے معاملے میں سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ کسی خودساختہ سبب کی بنا پر اس کوقتل کردیا جائے۔ عورت کے معاملے میں سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ ایک آدمی اس کے ساتھ زنا کا فعل کرے۔ حالاں کہ عورت کے ساتھ آخری حد تک احترام کا معاملہ کرنا فرض ہے۔

49

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بڑے گناہ یہ ہیں: اللہ کے ساتھ کسی کوشریک ٹھہرانا، ماں باپ کی نافرمانی، انسان کوقتل کرنا اور جھوٹی قسم (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6675)۔

گناہ کی دوقسمیں ہیں۔ ایک غلطی، اور دوسرے سرکشی۔ غلطی وہ ہے جو نفس سے مغلوب ہوکر سرزد ہو اور سرکشی وہ ہے جو انانیت اور تکبر کے جذبے کے تحت کی جائے۔ غلطی قابل معافی ہوسکتی ہے لیکن سرکشی اللہ کے نزدیک قابل معافی نہیں۔

50

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ فرق ہے کہ اس میں جھوٹی قسم (الْيَمِينُ الْغمُوس) کی جگہ پر جھوٹی گواہی (شَهَادَةُ الزُّورِ) کے الفاظ آئے ہیں (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 2654؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 88)۔

جھوٹی قسم اور جھوٹی گواہی دونوں اسپرٹ کے اعتبار سے ایک ہیں۔ یعنی خلافِ واقعہ بات کو سچ ثابت کرنا۔ جھوٹی گواہی دینا بلاشبہ ایک عظیم گناہ ہے۔ جھوٹی گواہی دینے والا ایک آدمی کو جانتے بوجھتے اس کے جائز حق سے محروم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس قسم کا فعل بلاشبہ ایک ناقابل معافی جرم ہے۔

51

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ سات مہلک چیزوں سے بچو۔ لوگوں نے کہا کہ اے خدا کے رسول وہ کیا ہیں۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا اور جادو اور ایسی جان کو ناحق قتل کرنا جس کو اللہ نے حرام کیا ہے۔ اور سود کھانا۔ اور یتیم کا مال کھانا۔ اور میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر بھاگنا۔ اور پاک دامن، سیدھی سادی مومن عورتوں پر جھوٹا الزام لگانا (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 2766؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 89)۔

گناہ کے مختلف درجے ہیں۔ سب سے زیادہ بڑا گناہ وہ ہے جو پستی اور کمینگی کی سطح پر کیا جائے۔ مذکورہ ساتوں گناہ کی نوعیت یہی ہے۔ ان کاموں کو کرنے والا اپنے آپ کو پست انسانیت کی سطح پر گرا لیتا ہے۔ اس لیے ان کو مہلکات (برباد کرنے والے اعمال) کہا گیا ہے۔

52

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی زانی زنا کرتا ہے تو اس وقت وہ مومن نہیں ہوتا۔ اور جب کوئی چور چوری کرتا ہے تو اس وقت وہ مومن نہیں ہوتا۔ اور جب کوئی شراب پینے والا شراب پیتا ہے تو اس وقت وہ مومن نہیں ہوتا۔ اور کوئی مال چھیننے والا اس وقت مومن نہیں ہوتا جب کہ وہ مال چھین رہا ہو اور لوگ اس کو بے بسی کی نظروں سے دیکھ رہے ہوں۔ اور جب کوئی خیانت کرنے والا خیانت کرتا ہے تو اس وقت وہ مومن نہیں ہوتا۔ پس تم ان سے بچو، تم ان سے بچو (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 2475؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 57)۔

ایک انگارہ کو دیکھ کر یہ کہنا کہ یہ آگ ہے، اپنے آپ یہ مفہوم رکھتا ہے کہ آدمی اس کو نہیں چھوئے گا۔ اسی طرح جب ایک آدمی ایمان لا کر خدا کی خدائی کا اقرار کرے تو اس کا لازمی مفہوم یہ ہے کہ اقرار کرنے والا ان تمام چیزوں کو چھوڑ دے گا جو خدا کی مرضی کے سراسر خلاف ہیں۔ ایسی حالت میں جب ایک آدمی اس قسم کا کوئی کھلا ہوا خلافِ ایمان فعل کرے تو اس نے عملاً اپنے آپ کو ایمان سے دور کر لیا۔ وہ دوبارہ صاحب ایمان اس وقت بن سکتا ہے جب کہ وہ اپنی غلطی کا سچا اعتراف کر کے لوٹے اور از سرِ نو ایمان پر قائم ہو جائے۔

53

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت میں اس طرح ہے: جب کوئی قتل کرنے والا قتل کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا۔ عکرمہ کہتے ہیں کہ میں نے عبد اللہ بن عباس سے کہا کہ مومن سے ایمان کیسے نکل جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح۔ اور پھر انھوں نے اپنے دونوں ہاتھ کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا اور پھر ان کو نکال لیا۔ پھر کہا کہ اگر اس نے توبہ کر لی تو ایمان اس طرح واپس آجاتا ہے۔ پھر یہ کہتے ہوئے انھوں نے اپنی انگلیوں کو دوبارہ اس میں داخل کر لیا۔ ابوعبداللہ البخاری کہتے ہیں کہ ایسا آدمی اس وقت مکمل مومن نہیں ہوتا۔ اور نہ اس کو ایمان کی روشنی حاصل رہتی ہے (صحیح البخاری، حدیث نمبر 6809)۔

ایمان آدمی کے جسم کا مادی جزء نہیں ہے، جس طرح ہاتھ اور پاؤں انسانی جسم کے مادی اجزاء ہیں۔ ایمان دراصل علم ومعرفت کی مانند ایک نفسیاتی حقیقت ہے۔ آدمی خود اپنے ارادے سے ایمان کو اپنے اندر داخل کرتا ہے۔ اور اپنے ارادے کے تحت اپنے آپ کو اس سے جزئی یا کلی طور پر دور کر سکتا ہے۔

ایمان سے جدائی کی انتہائی صورت وہ ہے جس کو ارتداد (apostasy) کہا جاتا ہے۔ لیکن جو شخص وقتی محرک کے تحت خلافِ ایمان فعل کرے اور پھر سچے دل کے ساتھ توبہ کر لے، وہ گویا وقتی طور پر اپنے ایمان سے جدا ہوا تھا اور پھر دوبارہ اس کی طرف لوٹ آیا۔

54

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کی نشانیاں تین ہیں — اس پر مسلم کی روایت میں اضافہ ہے: اگرچہ وہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور گمان کرے کہ وہ مومن ہے — اس کے بعد دونوں روایت کے الفاظ یہ ہیں: یہ کہ وہ بات کرے تو وہ جھوٹ بولے۔ اور جب وہ وعدہ کرے تو وہ اس کی خلاف ورزی کرے۔ اور جب اس کو امانت سونپی جائے تو وہ خیانت کرے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 33؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 59)۔

جوآدمی زبان سے ایمان کا اقرار کرے مگر ایمان اس کے دل ودماغ کی گہرائیوں میں اترا ہوا نہ ہو تو یہی وہ انسان ہے جو منافقت کی روش اختیار کرتا ہے۔ وہ اپنی زندگی کے معاملات کو اصول کی بنیاد پر قائم کرنے کے بجائے دنیوی مصلحتوں کی بنیاد پر چلانے لگتا ہے۔

55

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں جن کے اندر ہوں، وہ خالص منافق ہے۔ اور جس کے اندر ان میں سے کوئی ایک خصلت ہو تو اس کے اندر نفاق کی ایک صفت ہوگی۔ یہاں تک کہ وہ اس کو چھوڑ دے: جب اس کو امانت دی جائے تو اس میں وہ خیانت کرے۔ اور جب وہ بات کرے تو وہ جھوٹ بولے اور جب وہ وعدہ کرے تو اس کی وہ خلاف ورزی کرے اور جب وہ جھگڑا کرے تو وہ گالی دینے لگے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 34؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 59)۔

منافق آدمی اگرچہ بظاہر ایمان کا دعوی کرتا ہے مگر وہ ایمان کو اپنی زندگی میں ایک اصول کی حیثیت سے اختیار نہیں کرتا۔ اس کی اس بے اصولی اور بے حسی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب اس کو کوئی معاملہ پیش آتا ہے تو وہ فوراً ایسی روش میں مبتلا ہوجاتا ہے جو ایمان سے مطابقت نہیں رکھتی۔ حساسیت برائی کے خلاف روک ہے۔ جو آدمی ایمان کی حساسیت سے خالی ہو وہ اپنے دنیوی مفاد کی خاطر کھلے طور پر بے اصولی کا طریقہ اپنائے گا، مگر اس کو اپنی غلطی کا احساس تک نہ ہوگا۔

56

عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کی مثال اس بکری جیسی ہے جو دو گلّوں (herds) کے درمیان حیران پھر رہی ہو، کبھی اِس طرف جاتی ہو اور کبھی اُس طرف (صحیح مسلم، حدیث نمبر 17)۔

منافق انسان اپنے مزاج کی بنا پر کسی مستقل اصول کا پابند نہیں ہوتا۔ وہ صرف وقتی مفاد کا پابند ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی وفاداری ہمیشہ بدلتی رہتی ہے۔ مادی مفاد کی بنیاد پر وہ کبھی ایک طرف ہوجاتا ہے اور کبھی دوسری طرف۔

صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک یہودی نے اپنے ایک ساتھی سے کہا کہ آؤ ہم اس نبی کے پاس چلیں۔ اس کے ساتھی نے اس سے کہا: تم ان کو نبی مت کہو۔ اس لیے کہ اگر انھوں نے تم سے یہ سن لیا تو ان کی آنکھیں چار ہو جائیں گی۔ پھر وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ پھر ان دونوں نے نو واضح نشانیوں کے بارے میں آپ سے پوچھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو۔ اور تم چوری نہ کرو اور تم زنا نہ کرو۔ اور تم ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کو خدا نے حرام ٹھہرایا ہے، اور تم کسی بے گناہ کو حاکم کے پاس نہ لے جاؤ تاکہ وہ اس کو قتل کردے، اور تم جادو نہ کرو۔ اور تم سود نہ کھاؤ۔ اور تم پاک دامن عورت پر تہمت نہ لگاؤ۔ اور تم میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر نہ بھاگو۔ اور تم یہود پر یہ خاص حکم ہے کہ تم لوگ سبت کے قانون کی خلاف ورزی نہ کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر ان دونوں نے آپ کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں چوم لیے۔ اور کہا کہ ہم یہ گواہی دیتے ہیں کہ آپ نبی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ پھر تم کو میری اتباع سے کیا چیز روک رہی ہے۔ ان دونوں نے کہا کہ داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے کہا کہ ان کی اولاد میں ہمیشہ نبی آتے رہیں۔ اور ہم ڈرتے ہیں کہ اگر ہم نے آپ کی اتباع کی تو یہود ہم کو قتل کردیں گے (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2733؛ سنن النسائی، حدیث نمبر 4078)۔

یہودی عالم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے توریت کے مخصوص احکام کی بابت دریافت کیا۔ دور پریس سے پہلے تورات کا علم صرف کچھ علما کو ہوتا تھا۔ عام لوگ اس سے بے خبر رہتے تھے۔ یہودی عالم کو معلوم تھا کہ رسول یا اصحاب رسول کو تورات کا علم نہیں۔ مگر جب آپ نے یہودی عالم کے سوال کا ٹھیک ٹھیک جواب دے دیا تو اس کو یقین ہو گیا کہ آپ خدا کے پیغمبر ہیں۔ اس کھلی دلیل کے باجود وہ دونوں یہودی ایمان نہیں لائے۔ اس کا سبب اپنی قوم کا ڈر تھا۔ تاریخ کے ہر دور میں یہی ہوا ہے کہ حق کی وضاحت کے باوجود مادی مصالح کی بنا پر لوگ حق کو قبول کرنے سے باز رہے۔

58

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین باتیں ایمان کی اصل ہیں—اس شخص سے رُک جانا جو یہ کہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ تم کسی گناہ کی بنا پر اس کو کافر نہ کہو اور نہ تم کسی عمل کی بنیاد پر اس کو اسلام سے خارج کرو۔ اور جہاد جاری رہے گا، میری بعثت سے لے کر اس وقت تک جب کہ اس امت کا آخری حصہ دجال سے جنگ کرے گا۔ اس کو نہ ظالم کا ظلم روکے گا اور نہ عادل کا عدل۔ اور تقدیر کے اوپر ایمان لانا (سنن ابوداؤد، حدیث نمبر 2532)۔

اللہ کے یہاں ہر آدمی کا فیصلہ اس کی نیت کے بنیاد پر کیا جائے گا۔ مگر انسان کسی کی داخلی نیت کو نہیں جان سکتا۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ لوگوں کے ظاہر کی بنیاد پر ان کے ساتھ معاملہ کرے۔ وہ ان کے باطن کی بنیاد پر کوئی حکم نہ لگائے۔

جہاد سے مراد جہاد بالقرآن ہے، یعنی پرامن دعوتی عمل۔ عادل حاکم کا زمانہ ہو تب بھی جہاد کا عمل جاری رہے گا۔ ظاہر ہے کہ اس سے مراد مسلح جہاد نہیں ہوسکتا، کیوں کہ عادل حاکم کے خلاف مسلح جہاد ایک فساد کا عمل ہوگا، نہ کہ جہاد کا۔ پرامن دعوتی عمل ایک ایسا کام ہے، جس کا تعلق ظالم حکمراں یا عادل حکمراں سے نہیں ہے۔ یہ ہر دور میں بلا انقطاع جاری رہنے والا عمل ہے۔ اصل یہ ہے کہ موجودہ دنیا جدوجہد کی دنیا ہے۔ یہاں اسلامی مقاصد کے لیے فکری جہاد کا عمل ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ یہ عمل دورِ آخر میں دجال کے ظہور تک جاری رہے گا۔ دجّال سے مراد غالباً کوئی فرد نہیں ہے، بلکہ ایک عظیم فتنہ ہے۔ دجال سے قتال کا مطلب غالباً مسلح جنگ نہیں ہے بلکہ فتنۂ دجال کے خاتمہ کے لیے متواتر فکری جدوجہد ہے۔

اسلام کی ایک بنیادی تعلیم تقدیر ہے۔ تقدیر کے عقیدہ کا مطلب انسان کی مجبوری کو بتانا نہیں ہے، بلکہ خدا کی قدرت کاملہ کو بتانا ہے۔ خدا نے اپنی قدرت کاملہ کے تحت آزمائش کی مصلحت کی بنا پر انسان کو آزادی عطا فرمائی ہے۔ آزادی کا یہ ماحول قیامت تک باقی رہے گا۔

59

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ زنا کرتا ہے تو اس وقت ایمان اس سے نکل جاتا ہے۔ وہ اس کے سر کے اوپر سائبان کی طرح رہتا ہے۔ پھر جب

وہ اس بُرے عمل سے باہر آتا ہے تو اس کا ایمان اس کی طرف واپس آجاتا ہے (سنن الترمذی، حدیث نمبر 2625؛ سنن ابوداؤد، حدیث نمبر 4690)۔

زنا ایک بداخلاقی کا عمل ہے اور ایمان ایک پاکیزہ حقیقت۔ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتے۔ یہی وجہ ہے کہ زنا کے وقت زانی کا ایمان اس سے جدا ہوجاتا ہے۔ تاہم اگر اس کے زنا کی حیثیت ایک وقتی فعل کی ہو اور اس کے بعد وہ حقیقی معنوں میں ندامت کا ثبوت دے تو اس کا ایمان اللہ کی رحمت سے دوبارہ اسے حاصل ہوجائے گا۔

60

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دس باتوں کی نصیحت فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ، اگرچہ تم کو قتل کردیا جائے اور تم کو جلا دیا جائے۔ اور تم اپنے والدین کی نافرمانی نہ کرو، اگرچہ وہ تم کو حکم دیں کہ تم اپنے اہل کو اور اپنے مال کو چھوڑ دو۔ اور تم ہرگز جان بوجھ کر فرض نمازوں کو نہ چھوڑو۔ کیوں کہ جس نے جان بوجھ کر فرض نماز کو چھوڑا تو اللہ کا ذمہ اس سے جاتا رہتا ہے۔ اور تم ہرگز شراب نہ پیو کیوں کہ وہ ہر برائی کی جڑ ہے۔ اور تم اللہ کی نافرمانی سے پوری طرح بچو۔ کیوں کہ نافرمانی سے اللہ کا غضب نازل ہوتا ہے۔ اور تم ہرگز میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر نہ بھاگو، اگرچہ لوگ ہلاک ہوجائیں اور اگر لوگوں پر موت (وبا) آجائے اور تم ان میں موجود ہو تو تم اپنی جگہ ٹھہرے رہو۔ اور اپنے گھر والوں پر اپنی استطاعت کے مطابق خرچ کرو اور تادیب کا عصا ان کے اوپر سے نہ ہٹاؤ۔ اور اللہ کے معاملہ میں انھیں ڈراتے رہو (مسند احمد، حدیث نمبر 22075)۔

اس حدیث میں وہ ذمہ داریاں بتائی گئی ہیں جو ایک مومن پر انفرادی حیثیت سے عاید ہوتی ہیں۔ ان میں سے بعض احکام کا تعلق روزانہ کی زندگی سے ہے، مثلاً شرک سے پرہیز اور نماز کا اہتمام۔ اور بعض احکام کا تعلق حالات کی نسبت سے ہے۔ یعنی وہ اس وقت مطلوب ہیں جب کہ عملی طور پر ان کے مطابق صورتِ حال پیش آجائے۔ مثلاً مقابلہ کے میدان سے کسی بھی حال میں نہ ہٹنا۔

''تادیب کا عصا نہ ہٹاؤ'' کا مطلب مارنا پیٹنا نہیں ہے، اس سے مراد اصلاً وہ اخلاقی دباؤ ہے جو گھر کے اندر نظم برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہوتا ہے، تاکہ گھر میں انارکی کا ماحول قائم نہ ہو۔

61

حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نفاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھا۔ اب آج یا تو کفر ہے یا ایمان (صحیح البخاری، حدیث نمبر 7114)۔

اس روایت میں نفاق یا منافقت سے مراد وہ کردار ہے جو شبہ کی نفسیات میں مبتلا ہو۔ اور اس بنا پر وہ مخلصانہ ایمان کے درجہ تک نہ پہنچ سکے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اسلام اپنے ابتدائی دور میں تھا۔ نظریہ وعمل کے اعتبار سے وہ اس طرح مستحکم نہیں ہوا تھا جس طرح وہ آپ کے برپا کردہ انقلاب کے بعد ہوا۔ اس لیے ابتدائی دور میں کمزور افراد کے لیے اس شبہ کی گنجائش ہوسکتی تھی کہ یہ واقعی صداقت ہے یا نہیں۔ مگر بعد کے زمانے میں جب اسلام نظری اور عملی دونوں اعتبار سے قائم اور مستحکم ہوگیا تو اس کے بعد یہ گنجائش نہ رہی کہ کوئی شخص اس کی صداقت کے بارے میں شبہ کرسکے۔ اب انسان کے لیے شبہ کا امکان ختم ہوگیا۔ اب اس کے لیے صرف دو میں سے ایک کا انتخاب باقی رہا — پوری طرح انکار یا پوری طرح اقرار۔

اس روایت میں منافق کا قانونی حکم نہیں بتایا گیا ہے۔ بلکہ اس کی وہ حیثیت بتائی گئی ہے جو اس کی اللہ کے نزدیک ہے۔ اس روایت کا مقصد صرف یہ ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور میں کسی شخص کو شبہ کا فائدہ (benefit of doubt) مل سکتا تھا۔ مگر جب اسلام ہر اعتبار سے ایک واضح اور ثابت شدہ حقیقت بن گیا تو اب اللہ کے یہاں کسی کو شبہ کی رعایت نہیں ملے گی۔ اب اگر کوئی شخص اسلام کی صداقت پر شبہ کرے تو وہ اللہ کے نزدیک ایک ایسا انسان قرار پائے گا جس نے تمام دلائل وحقائق سامنے آنے کے باوجود خدا کے دین کے ساتھ مخلصانہ تعلق قائم نہیں کیا۔

62

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے میری امت سے ان وسوسوں کو معاف کردیا ہے جو ان کے دلوں میں گزریں۔ جب تک وہ اس پر عمل نہ کرے یا اس کو زبان پر نہ لائے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 2528؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 127)۔

اس حدیث کا مطلب یہ نہیں ہے کہ امت محمدی پر وسوسوں کی پکڑ نہیں ہے، جب کہ اس سے پہلے کی امتوں کا معاملہ ایسا نہ تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ وسوسہ پر پکڑ نہ ہونا بلکہ عمل پر پکڑ ہونا، یہ اللہ کا عام

قانون ہے۔ اس کا تعلق ہر دور کے تمام انسانوں سے ہے۔ حدیث کے مذکورہ الفاظ کی نوعیت اسلوب کلام کی ہے جو مخاطب کی نسبت سے اختیار کیا گیا ہے۔ اس میں یہ بات اپنے آپ مفہوم (understood) ہے کہ جس طرح پچھلی امتوں کے لیے وسوسہ پر پکڑ نہیں تھی اسی طرح میری امت کے لیے بھی وسوسہ پر پکڑ نہیں۔

63

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صحابہ میں سے کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ انھوں نے پوچھا کہ ہم اپنے دلوں میں ایسی بات پاتے ہیں جس کو زبان پر لانا ہمیں بہت زیادہ سنگین معلوم ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ کیا تم ایسا پاتے ہو۔ انھوں نے کہا کہ ہاں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ تو کھلا ہوا ایمان ہے (صحیح مسلم، حدیث نمبر 132)۔

ایمان، نفسانی وسوسوں کے ساتھ ایک مسلسل جنگ ہے۔ مومن وہ ہے جو وسوسوں کو دبائے، نہ کہ خود اس سے دب جائے۔ نفسانی وسوسوں کو اس حد تک برا سمجھنا کہ ان کو زبان پر لانا بھی آدمی کو گوارہ نہ ہو، یہ خود ایمان کی ایک یقینی حالت ہے۔

64

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان تم میں سے کسی شخص کے پاس آتا ہے، اور (اس کے ذہن میں) یہ سوال پیدا کرتا ہے کہ فلاں چیز کو کس نے پیدا کیا، فلاں چیز کو کس نے پیدا کیا۔ یہاں تک کہ وہ کہتا ہے کہ تمہارے رب کو کس نے پیدا کیا۔ جب ایسا ہو تو آدمی کو چاہیے کہ وہ اللہ سے پناہ مانگے اور اس سے رک جائے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 3276؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 134)۔

یہ بھی علم ہے کہ آدمی علم کی حد کو جانے۔ یعنی وہ اس حقیقت کو جانے کہ میں کیا جان سکتا ہوں، اور وہ کیا چیز ہے جس کو اپنی محدودیت کی بنا پر میں نہیں جان سکتا۔ مثلاً آدمی یہ جان سکتا ہے کہ درخت بیج سے نکلا اور پانی دو گیسوں کے ملنے سے بنا۔ مگر خود بیج اور گیس کی ابتدا کیسے ہوئی، اس کو جاننا انسان کے لیے ممکن نہیں۔ انسانی تاریخ اپنی تمام تر علمی دریافتوں کے باوجود جہاں تک پہنچی ہے یا پہنچ سکتی ہے، وہ صرف یہ ہے کہ وہ کسی بھی موضوع پر صرف جزئی علم دے سکے۔ ماڈرن سائنس کے حوالے

سے اِس واقعہ کو جے این سلیون (J. W. N. Sullivan) نے اِن الفاظ میں بیان کیا ہے— سائنس سے انسان کو حقیقت کا صرف جزئی علم حاصل ہوتا ہے:

Science gives us but a partial knowledge of reality. (Limitations of Science, London, 1983, p. 182)

یہ ایک حقیقت ہے کہ علم کلی تک پہنچنے کی راہ میں انسان کی ذاتی محدودیت فیصلہ کن طور پر حائل ہے۔ اپنی اسی محدودیت کی بنا پر انسان خدا کے تخلیقی مظاہر کو تو جان سکتا ہے مگر خدا کے وجود کی وسعتوں کا احاطہ کرنا انسان کے لیے ہرگز ممکن نہیں۔

65

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ ایک دوسرے سے سوال کرتے رہیں گے یہاں تک کہ یہ کہا جائے گا کہ یہ مخلوق ہے جس کو خدا نے پیدا کیا۔ پھر خدا کو کس نے پیدا کیا۔ پس جو شخص اپنے دل میں اس قسم کا کوئی خیال پائے تو وہ کہے کہ میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے رسولوں پر (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 7296؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 134)۔

انسانی غور وفکر کا ایک معلوم دائرہ ہے اور دوسرا اس کا نامعلوم دائرہ۔ دانش مند وہ ہے جو اپنے معلوم دائرے میں تو وہ کلی علم تک پہنچنے کی پوری کوشش کرے۔ مگر اس کا نامعلوم دائرہ آجائے تو وہ جزئی علم پر راضی ہو جائے۔ معلوم دائرے میں براہِ راست علم تک پہنچنے کی کوشش کرنا ایک مستحسن فعل ہے۔ مگر نامعلوم دائرے کے لیے یہ مطلوب ہے کہ آدمی بالواسطہ علم پر قناعت کرے۔ یہی اس دنیا میں عملی نقطۂ نظر ہے، اور یہی وہ نقطۂ نظر ہے جس کو موجودہ زمانے میں سائنٹفک نقطۂ نظر کہا جاتا ہے۔

66

عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص کے اوپر اس کا ایک ساتھی مقرر کر دیا جاتا ہے جنات میں سے، اور فرشتوں میں سے۔ لوگوں نے کہا کہ اے خدا کے رسول، کیا آپ کے ساتھ بھی۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں میرے ساتھ بھی۔ لیکن خدا نے مجھے اس کے اوپر مدد دی۔ تو اس نے اسلام قبول کر لیا، پس وہ مجھ کو ہمیشہ بھلائی کا مشورہ دیتا ہے (صحیح مسلم، حدیث نمبر 69)۔

اس حقیقت کو قرآن میں نفس امارہ (12:53) اور نفس لوّامہ (75:2) کے الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ ہر آدمی کے اندر بیک وقت دو مختلف قوتیں موجود ہیں۔ ایک نفسانی قوت، جو ہر موقع پر آدمی کے اندر منفی نفسیات جگاتی ہے اور اس کو برے کام پر ابھارتی ہے۔ اسی کے ساتھ ہر آدمی کے اندر ضمیر کی طاقت ہے جو ہر موقع پر اس کے اندر مثبت احساسات جگاتی ہے۔ آدمی اگر ایسا کرے کہ جب اس کے اندر نفسانی محرکات جاگیں تو وہ اپنی سوچ کو بھی اسی کے مطابق چلانے لگے ایسی حالت میں دھیرے دھیرے اس کا ذہن اس کے نفس کے تابع ہو جائے گا۔ اس کے برعکس، اگر وہ ضمیر کی آواز پر دھیان دے اور اپنے ذہن کو اس کے تابع بنائے تو اس کا ضمیر اس کا رہنما بن جائے گا جو ہر موقع پر اس کو خیر کا مشورہ دے۔

67

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان آدمی کے اندر اس طرح دوڑتا ہے جیسے خون اس کے اندر دوڑتا ہے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 3281؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 23)۔

اس حدیث میں خون کی مثال سے بتایا گیا ہے کہ شیطان کسی آدمی کے اندر کس طرح تیزی کے ساتھ اپنا عمل کرتا ہے۔ یہ معاملہ خدا نے انسان کے امتحان کے لیے کیا ہے۔ انسان کو شیطان کے ساتھ مسلسل فکری مقابلہ کرنا ہے۔ اسی فکری مقابلہ کے دوران یہ ثابت ہوتا ہے کہ کون شخص اس دنیا میں حق پر قائم رہا اور کون حق کے راستے سے ہٹ گیا۔

68

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی آدم کے یہاں جب بھی کوئی بچہ ہوتا ہے شیطان اس کو ضرور چھوتا ہے۔ شیطان کے اسی چھونے کی وجہ سے پیدائش کے وقت بچہ چیختا ہے، سوا مریم اور ان کے فرزند کے (متفق علیہ: صحیح البخاری، حدیث نمبر 3431؛ صحیح مسلم، حدیث نمبر 146)۔

اس حدیث میں ایک فطری حقیقت کو تمثیل کی زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان پیدا ہوتے ہی شیطان کی زد میں آجاتا ہے اور پھر اپنی ساری عمر وہ اس کے زیر اثر رہتا ہے۔

اس معاملے میں آدمی کو اتنا زیادہ چوکنا رہنا چاہیے کہ پیدائش کے وقت اگر وہ بچہ کے چیخنے کی آواز سنے تو اس کو یاد آئے کہ اس دنیا میں انسان کو شیطان سے بچنے کے لیے کتنا زیادہ اہتمام کرنا ہے۔

69

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیدائش کے وقت بچے کی چیخ شیطان کی چھیڑ سے ہوتی ہے (صحیح مسلم، حدیث نمبر 2367)۔

یہ حدیث تمثیل کی زبان (symbolic language) میں ہے۔ اس حدیث کا رُخ بچے سے زیادہ بڑوں کی طرف ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ پیدائش کے وقت جب آدمی بچے کی چیخ کو سنے تو وہ شیطان کے معاملہ کو یاد کرے اور شیطان سے بچاؤ کے لیے مزید شدت کے ساتھ سرگرم ہو جائے۔

70

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابلیس اپنا تخت پانی کے اوپر رکھتا ہے۔ پھر وہ اپنے دستوں کو بھیجتا ہے تاکہ وہ لوگوں کو فتنوں میں مبتلا کریں۔ پھر درجہ کے اعتبار سے شیطان کا سب سے زیادہ مقرب وہ ہوتا ہے جس نے سب سے زیادہ بڑا فتنہ برپا کیا ہو۔ ان میں سے ایک واپس آتا ہے اور شیطان سے کہتا ہے کہ میں نے ایسا کیا، میں نے ایسا کیا۔ تو شیطان کہتا ہے کہ تم نے کچھ نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا کہ پھر ان میں سے ایک آتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو نہیں چھوڑا جب تک کہ میں نے اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈال دی۔ آپ نے فرمایا کہ شیطان اس کو اپنے قریب کرتا ہے۔ پھر وہ اس سے کہتا ہے کہ ہاں، تم۔ اعمش (راوی) کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ روایت کرنے والے نے یہ کہا تھا کہ "وہ اس کو اپنے سے چمٹا لیتا ہے" (صحیح مسلم، حدیث نمبر 67)۔

یہ حدیث بھی غالباً تمثیل کی زبان میں ہے۔ یہ ایک اسلوب کلام ہے جس کے ذریعے آدمی کو شیطانی فتنوں سے متنبہ کیا گیا ہے۔ جو شخص دو فرد یا دو گروہ کے درمیان تفریق ڈالے وہ گویا شیطان کا کام کر رہا ہے۔ اور جو لوگ تفریق میں مبتلا ہوں، انھیں جاننا چاہیے کہ وہ شیطان کی سب سے زیادہ تباہ کن سازش کا شکار ہو گئے۔

ڈائری 1986

17 فروری 1986

اجودھیا میں 32 ہزار ہندو آبادی ہے اور مسلمان تقریباً ساڑھے سات ہزار ہیں۔ یہ مندروں کا شہر ہے۔ چنانچہ یہاں 4932 مندر پائے جاتے ہیں۔ یہاں ایک قدیم مسجد ہے جو مسلمانوں کے درمیان بابری مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ تاہم ہندوؤں کا کہنا ہے کہ یہ ''رام جنم بھومی'' ہے۔

یہ عمارت انگریزی دور سے متنازعہ رہی ہے۔ 1949ء میں ایک فساد ہوا اور اس کے بعد بابری مسجد بند کر دی گئی۔ اس کے بعد مقدمہ چلتا رہا اور اب بھی اس کا کیس عدالت میں موجود ہے۔ تاہم تالابندی کے 37 سال بعد جنوری 1986ء میں ڈسٹرکٹ جج کے ایم پانڈے کے ایک فیصلے کے تحت اس کا تالا توڑ دیا گیا اور یہ عمارت ہندوؤں کے حوالے کر دی گئی۔ (مختلف مراحل سے گزرتے ہوئے 9 نومبر 2019ء کو انڈین سپریم کورٹ نے ہندوؤں کے حق میں فیصلہ دیا، اس طرح اب یہ مسئلہ عملاً ختم ہو چکا ہے)۔

ہندوؤں کی طرف سے مقدمہ مسٹر امیش چند پانڈے نے لڑا جو ایک غیر معروف وکیل تھے۔ مگر اس کامیابی نے انھیں اچانک غیر معمولی شہرت دے دی۔ ہندوستان ٹائمس (16 فروری 1986ء) نے اس موضوع پر ایک مفصل رپورٹ شائع کی ہے۔ تبصرہ نگار مذکورہ وکیل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

.....and virtually overnight this quite obscure advocate made headlines and became the darling of Ayodhya's hindu majority.

بابری مسجد کی اہمیت یہ تھی کہ وہ دو حریف قوموں کے لیے پرسٹیج اشو بن گئی۔ اس قسم کی چیزوں میں جو لوگ حصہ لیتے ہیں وہ خواہ کامیاب ہوں یا ناکام، ہر حال میں اچانک شہرت حاصل کر لیتے ہیں۔ ان چیزوں میں حصہ لینے کا محرک شخصی ترقی ہوتی ہے، نہ کہ قومی ترقی۔

18 فروری 1986

کلیم اللہ خاں ایم ایس سی (سری نگر) اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ ملنے کے لیے آئے۔ انہوں نے بتایا کہ جمعہ (14 فروری 1986) کی نماز انہوں نے چاندنی چوک کی سنہری مسجد میں پڑھی۔ یہ بابری

مسجد کے سلسلے میں احتجاج کا دن تھا۔ مسجد میں ایک صاحب تقریر کرنے کے لیے کھڑے ہوئے۔ انہوں نے نہایت پر جوش انداز میں کہا کہ ہماری مسجدوں پر قبضہ کیا جا رہا ہے۔ اس وقت مسلمانوں کو سر بکف ہو کر نکل پڑنا چاہیے، مگر مجھے تعجب ہے کہ مسلمان بے حس بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مسجد کے نمازیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ ''یوم احتجاج'' کی رعایت سے آج آپ نے اتنا بھی نہیں کیا کہ اپنے ہاتھوں پر کالی پٹی باندھ لیں۔ اتنے سارے مسلمان یہاں جمع ہیں مگر کوئی کالی پٹی باندھے ہوئے نظر نہیں آتا۔ آپ لوگوں کی غیرت آخر کہاں چلی گئی۔

کلیم اللہ صاحب نے کہا کہ موصوف کی پر جوش تقریر کے بعد میں نے یہ جاننا چاہا کہ مقرر صاحب نے خود کالی پٹی باندھی ہے یا نہیں۔ میں نے بہت غور سے دیکھا، مگر ان کے ہاتھ پر یا جسم پر کہیں کالی پٹی نظر نہیں آئی۔

کلیم اللہ صاحب نے اپنے پاس بیٹھے ایک صاحب سے کہا کہ مقرر صاحب کے ہاتھ پر کالی پٹی تلاش کر رہا ہوں مگر کہیں نظر نہیں آ رہی ہے۔ اس آدمی نے جواب دیا کہ وہ کالی پٹی کیا باندھیں گے وہ ہندوؤں کے خلاف تقریر کر رہے ہیں کہ انہوں نے بابری مسجد پر قبضہ کر لیا ہے اور خود یہ حال ہے کہ اسی سنہری مسجد کے ایک حصہ پر وہ قبضہ کیے ہوئے ہیں اور کسی قیمت پر بھی چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔

موجودہ زمانہ میں اکثر مسلم لیڈروں کا یہی حال ہے۔ وہ جھوٹی تقریریں کرنے میں مشغول ہیں۔ وہ دوسروں سے ایسا مطالبہ کر رہے ہیں جس پر وہ خود عمل کرنے کے لیے تیار نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر طرف لیڈری کی دھوم مچی ہوئی ہے مگر کہیں بھی کوئی نتیجہ نظر نہیں آتا۔

19 فروری 1986

الرسالہ کے ایک قاری نے کہا کہ الرسالہ میں اسلامی مرکز کا جو خبر نامہ ہوتا ہے وہ میرے نزدیک اسلامی مرکز کا تعریف نامہ ہے۔ یہ اپنی تعریف آپ (self-praise) کے ہم معنیٰ ہے۔ میں نے کہا کہ خبر نامہ میں جو باتیں درج ہوتی ہیں ان کو آپ حقیقی واقعہ سمجھتے ہیں یا فرضی خبر؟ انہوں نے کہا کہ میں ان کو حقیقی واقعہ سمجھتا ہوں۔ میں نے کہا کہ جب یہ باتیں حقیقی واقعہ ہیں تو پھر ان کے ذکر کرنے پر آپ کو کیا اعتراض ہے؟

پھر میں نے کہا کہ آپ کی تنقید کی وجہ وہ نہیں ہے جو آپ اپنے لفظوں میں ظاہر کر رہے ہیں۔

آپ اس کو ایک اصولی تنقید سمجھ رہے ہیں۔ مگر یہ صرف ایک غیر ذمہ دارانہ اظہار رائے ہے۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ آپ کو ''اسلامی مرکز'' کے ساتھ مشن والی وابستگی نہیں۔ آپ الرسالہ کے قاری ہیں، مگر آپ الرسالہ کی تحریک کے ہمدرد نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ اس طرح کی باتیں فرمارہے ہیں۔ اگر آپ کو اس مشن سے فی الواقع قلبی لگاؤ ہوتا تو آپ خبر نامہ کو ''رفتار کار'' (الرسالہ مشن کی سرگرمیوں) کے معنیٰ میں لیتے، اور پھر جب آپ اس کو پڑھتے تو آپ کو یہ معلوم کرکے خوشی ہوتی کہ اس مشن کا دائرہ پھیل رہا ہے۔ اور وہ لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنا رہا ہے۔ مگر چونکہ آپ کو اس سے کوئی تحریکی دلچسپی نہیں، اس لیے آپ اس کو رفتار کار کے انداز میں نہ دیکھ سکے۔ آپ نے اس کو صرف تعریف کے انداز میں دیکھا۔ یہی وجہ ہے کہ جو چیز محض حقیقتِ واقعہ کا اظہار تھی وہ آپ کو غیر ضروری طور پر قابل اعتراض دکھائی دینے لگی۔ یہی حال تمام معاملات کا ہے۔ اکثر غلط فہمیاں یا اعتراض محض زاویۂ نظر کے فرق کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ اگر زاویۂ نظر بدل جائے تو آدمی کی رائے بھی یقینی طور پر دوسری ہوجائے گی۔

20 فروری 1986

آج کی ڈاک سے ایک کتاب موصول ہوئی۔ اس کا نام ہے:

''التربیۃ فی الیابان المعاصرۃ'' (مترجم: محمد عبد العلیم موسیٰ، 1985، صفحات 68)

یہ ایڈورڈ، ر، بوشامب کی ایک کتاب کا عربی ترجمہ ہے جس کا اصل نام یہ ہے:

Education in Countemporary Japan

اس کتاب کا عربی ترجمہ ریاض (سعودی عرب) کے ایک ادارہ نے شائع کیا ہے۔

کتاب میں بتایا گیا ہے کہ دوسری جنگ عظیم کے موقع پر جاپانیوں میں زبردست فوجی ذہن پایا جاتا تھا۔ وہ اپنے قومی مسائل کا حل فوجی کارروائیوں میں سمجھتے تھے۔ مگر جب امریکہ نے جاپان کے اوپر دو ایٹم بم گرائے اور جاپان کی طاقت بالکل تہس نہس ہوگئی تو اچانک جاپانیوں نے اپنی سوچ کو بدل لیا۔ پوری قوم اس بدلے ہوئے رخ پر چل پڑی جس کو اس کے مفکرین نے الاتجاہ المعاکس (reverse course) کا نام دیا ہے۔ یعنی متشددانہ طریقہ کو چھوڑ کر پرامن تعمیر کا طریقہ اختیار کرنا۔

یہی موجودہ دنیا میں ترقی کا سب سے بڑا راز ہے۔ فرد ہو یا قوم ہر ایک کی زندگی میں بار بار ایسے لمحات آتے ہیں کہ اس کا سابقہ طریقہ بدلے ہوئے حالات کے اعتبار سے بے فائدہ ہوجاتا ہے۔ یہ لمحہ کسی

شخص یا قوم کے لیے سب سے زیادہ نازک امتحان ہوتا ہے۔ مردہ لوگ اپنے سابقہ طریقے پر باقی رہتے ہیں، یہاں تک کہ وہ ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اور جو زندہ لوگ ہیں وہ فوراً اپنا راستہ تبدیل کر دیتے ہیں۔ وہ نئے راستے سے اپنی منزل تک پہنچ جاتے ہیں، جہاں وہ پچھلے راستے سے پہنچنے میں کامیاب نہیں ہوئے۔

21 فروری 1986

پچھلے جمعہ (14 فروری 1986) کو ایک مسجد میں نماز پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ ایک صاحب نے جمعہ سے پہلے نہایت پر جوش تقریر کی اور جمعہ میں قنوت نازلہ بھی پڑھی گئی۔ مقرر نے گرجدار آواز میں کہا تھا کہ بابری مسجد (اجودھیا) کا مسئلہ ہمارے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ ہم کسی حال میں بھی اس کو برداشت نہیں کر سکتے۔ خواہ ہماری گردنیں کاٹی جائیں یا ہمارے جسموں پر ٹینک چلا دیے جائیں، وغیرہ وغیرہ۔

مگر پچھلے جمعہ کو بھی اس پر جوش تقریر کے بعد اور کچھ نہ ہو سکا۔ مقرر نے اعلان کیا تھا کہ تمام نمازی نماز کے بعد مسجد کے باہر میدان میں جمع ہو جائیں اور جلوس کی شکل میں بوٹ کلب چلیں۔ نماز کے بعد مقرر صاحب کو قریب کے تھانہ میں بلایا گیا اور تھانے دار نے کہا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بوٹ کلب کے علاقہ میں دفعہ 144 لگی ہوئی ہے۔ پھر آپ کیسے وہاں جلوس لے جائیں گے؟ آپ صرف یہ کر سکتے ہیں کہ چند آدمی اپنا مطالبہ لکھ کر لے جائیں اور وہاں پولس افسر کو دے دیں۔ اس کے بعد مقرر صاحب کی ہدایت پر تمام نمازی منتشر ہو گئے اور مطالبہ اس لیے پیش نہ کیا جا سکا کہ وہ سارے جوش و خروش کے باوجود تحریری طور پر مرتب ہی نہیں کیا گیا تھا۔

آج کے جمعہ میں بھی نمازیوں کی تعداد معمول سے زیادہ تھی۔ تاہم نہ مجاہد نوجوانوں کے ہاتھ پر کالی پٹیاں بندھی ہوئی تھیں اور نہ کوئی پر جوش تقریر ہوئی۔ سابق مقرر نے دوبارہ اعلان کیا کہ آپ لوگ نماز سے فارغ ہونے کے بعد خاموشی سے اپنے اپنے گھروں کو چلے جائیں اور بس اللہ سے دعا کرتے رہیں۔ آج پچھلے جمعہ کے برعکس قنوت نازلہ بھی نہیں پڑھی گئی۔

یہی موجودہ زمانے میں مسلمانوں کی عام حالت ہے۔ وہ پر جوش تقریریں کرتے ہیں، جب کہ عمل کا کوئی واقعی منصوبہ ان کے ذہن میں نہیں ہوتا۔ وہ بڑے بڑے اقدام کی باتیں کرتے ہیں، جب کہ وہ اپنے مدعا کو ایسے انداز میں قلم بند کیے ہوئے نہیں ہوتے جس کو وہ کسی ذمہ دار کے

سامنے پیش کرسکیں۔ اسی قسم کی روش کی طرف صحابی رسول ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے: سَيَأْتِي مِنْ بَعْدِكُمْ زَمَانٌ قَلِيلٌ فُقَهَاؤُهُ كَثِيرٌ خُطَبَاؤُهُ (الادب المفرد للبخاری، حدیث نمبر 789)۔ یعنی، عنقریب تمھارے بعد وہ زمانہ آئے گا، جب کہ سمجھ بوجھ رکھنے والے کم ہوں گے اور تقریر کرنے والے زیادہ۔

22 فروری 1986

ایک سخت تجربہ گزرا۔ اس کے بعد میری زبان پر یہ الفاظ تھے — اس دنیا میں کبھی اپنے جائز حق سے دست بردار ہونا پڑتا ہے تاکہ اپنا حق زیادہ طاقت کے ساتھ ثابت کیا جاسکے۔ اس دنیا میں کبھی برائی کے آگے جھکنا پڑتا ہے تاکہ برائی کو ختم کرنے کے لیے راہ کھولی جاسکے۔

یہ دنیا صبر کا امتحان ہے۔ اس دنیا میں آدمی کو مستقبل کی خاطر ماضی اور حال کو بھولنا پڑتا ہے۔ یہاں آدمی کو چھوڑنا پڑتا ہے تاکہ وہ دوبارہ پانے والا بن سکے۔ یہاں رکنا پڑتا ہے تاکہ ازسرنو آگے بڑھنے کا راستہ کھلے۔ یہاں چپ ہونا پڑتا ہے تاکہ آدمی کو بولنے کے لیے الفاظ مل سکیں۔ یہ دنیا کھوکر پانے کی جگہ ہے۔ یہاں اعراض کرکے آگے بڑھنا پڑتا ہے۔ یہاں دینا پڑتا ہے تاکہ دوبارہ اضافہ کے ساتھ وصول کیا جاسکے۔

23 فروری 1986

نئی دہلی کے انگریزی اخبار ہندوستان ٹائمس (23 فروری 1986) میں ''بھگوان رجنیش'' پر ایک نوٹ چھپا ہے، جس کا عنوان ہے:

A Quiet Departure

رجنیش امریکا سے بھاگ کر ہندوستان آئے۔ پھر وہ کاٹھ مانڈو (نیپال) گئے۔ اس کے بعد وہ چپکے سے اٹلی کے لیے روانہ ہو گئے۔ اخبار نویس نے ان کے شاگردوں سے ان کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں اس کی بہت زیادہ فکر نہیں، کیوں کہ ''بھگوان'' ہم کو self realization کا سبق دیتے ہیں۔

> We are not followers. The bhagwan has only been helping in to be ourself. In their words, to free us from following anything.

اچاریہ رجنیش کے ایک شاگرد نے کہا— حتیٰ کہ جب بھگوان مرجائیں گے تب بھی ہمیں کسی گرو کی ضرورت نہیں۔ کیوں کہ ہم نے ان کو ٹیپ اور ویڈیو ٹیپ پر ریکارڈ کرلیا ہے:

Even when bhagwan is gone, we won't need any priests, for we have him on tapes and the video tapes.

اچاریہ رجنیش کے خیالات سے قطع نظر ان کے شاگرد کا یہ جواب زمانہ کے فرق کو بتاتا ہے۔ قدیم زمانہ کی شخصیتوں میں پیغمبر اسلام کی شخصیت کے سوا، کسی بھی شخص کا کامل ریکارڈ محفوظ نہیں۔ مگر موجودہ زمانہ میں یہ ممکن ہوگیا ہے کہ کسی آدمی کی آواز اور اس کی شخصیت اس طرح محفوظ کرلی جائے کہ کسی بھی وقت اس کو دہرایا جاسکے۔

25 فروری 1986

دوسری جنگ عظیم تک جاپان کے اندر زبردست عسکری مزاج تھا۔ مگر دوسری جنگ عظیم (اگست 1945ء) میں جب جاپان کو شکست ہوئی تو وہاں کے مفکرین نے فوراً جاپان کو دوسرا نعرہ دیا، جس کا نام تھا برعکس طریقہ (reverse course)۔ یہ برعکس طریقہ اتنا زبردست کامیاب ہوا کہ چالیس برس کے بعد جاپان کی تاریخ بدل گئی۔

میں نے ایک تعلیم یافتہ مسلمان سے اس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ زندگی کے سفر میں یہ ایک بے حد فیصلہ کن چیز ہے۔ زندگی کے سفر میں کبھی اس کی ضرورت ہوتی ہے کہ اپنے رخ کو بالکل تبدیل کردیا جائے۔ جنگ کرنے والا صلح کرلے۔ آگے بڑھنے والا پیچھے ہٹ جائے۔ جواب تک بول رہا تھا وہ خاموشی اختیار کرلے۔ مذکورہ مسلمان نے یہ سن کر کہا کہ جاپان نے جو کچھ کیا اس کی مجبوری تھی۔ دوسری جنگ عظیم میں شکست کے بعد جاپان اس کے سوا اور کیا کرسکتا تھا جو وہ کرتا۔

مذکورہ مسلمان کے یہ الفاظ گرامر کے لحاظ سے صحیح ہیں۔ مگر معنیٰ کے اعتبار سے وہ سراسر غلط ہیں۔ موجودہ زمانہ میں مسلمانوں کو ہر محاذ پر شکست ہوتی ہے۔ اس کے باوجود وہ ریورس کورس کی تدبیر نہ اختیار کرسکے۔ مسلمان جہاں براہ راست نہیں لڑ سکتے وہاں بالواسطہ لڑ رہے ہیں اور جہاں کسی قسم کی لڑائی ان کے لیے ممکن نہیں ہے، وہاں لفظی طوفان مچا رہے ہیں۔ یہ طریقہ جاپان بھی اختیار کرسکتا تھا، مگر اس نے نہیں کیا۔

ڈاکٹر عبدالاحد صاحب (بنگلور) ملنے کے لیے تشریف لائے۔ وہ الرسالہ کے قاری بھی ہیں اور دس پرچہ منگا کر تقسیم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الرسالہ کے بعض قارئین کا کہنا ہے کہ الرسالہ میں تنقید نہیں رہنا چاہیے۔

میں نے کہا کہ تنقید تو کسی قوم کی زندگی کی علامت ہے۔ صحابہ کرام عام طور پر ایک دوسرے کے خلاف سخت تنقید کرتے تھے۔ مثلاً حضرت ابن عمر نے ایک بار حضرت ابوہریرہ کے بارے میں کہا: كَذَبَ أَبُو هُرَيْرَةَ (قبول الاخبار لابی القاسم بلخی، جلد 1، صفحہ 183)۔ یعنی، ابوہریرہ نے جھوٹ کہا۔ اس جملے کو اگر خالص لفظی معنیٰ میں لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ابوہریرہ ساقط الروایۃ ہیں۔ کیوں کہ جو شخص جھوٹ بولے اس سے روایت نہیں کی جاتی۔ مگر یہ صرف شدت کلام ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ صحابہ کرام ایک دوسرے کے خلاف تنقید کرنے میں کتنے شدید الفاظ استعمال کرتے تھے۔

حدیث میں آیا ہے: اخْتِلافُ أُمَّتِي رَحْمَةٌ (المقاصد الحسنۃ، حدیث نمبر 39)۔ اس حدیث میں لوگ اختلاف کو انتشار کے معنیٰ میں لے لیتے ہیں۔ اس لیے انھیں اس کی تاویل میں سخت مشکل پیش آتی ہے۔ حتیٰ کہ کچھ لوگ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ سند کے اعتبار سے یہ روایت لینے کے قابل نہیں ہے۔ مگر اس تکلف کی کوئی ضرورت نہیں۔ کیوں کہ اس حدیث میں اختلاف کا لفظ انتشار کے معنیٰ میں نہیں ہے۔ بلکہ اختلافِ رائے (dissent) کے معنی میں ہے۔ اس کا مطلب ہے، ایک رائے کی جگہ دوسری رائے کو دلیل کے ذریعے پیش کرنا ہے، نہ کہ مختلف گروہوں میں بٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ اختلاف رائے کی فضا کا ہونا کسی قوم کے لیے رحمت ہے۔ جس قوم میں اختلاف رائے ہوگا اس کے اندر جمود نہیں ہوگا۔ اگر ان کے اندر کوئی غلطی واقع ہوگی تو وہ بذریعہ تنقید اپنی اصلاح کرتی رہے گی۔ کسی غلط روش کا برقرار رہنا اس کے اندر ناممکن ہوجائے گا۔ اس کے اندر یہ ذہن ہوگا کہ چیزوں کو ان کے جوہر (merit) کی بنیاد پر اہمیت دی جائے، نہ کہ کسی اور بنیاد پر۔ موجودہ دور میں سائنس کی ترقی اسی اختلاف کی بنیاد پر ہوئی ہے۔ سائنس دانوں کے درمیان اختلاف رائے اگر ممنوع ہوتا تو کبھی سائنس ترقی نہ کرتی۔

27فروری1986

ڈاک سے رسالہ معارف (فروری1986) ملا۔اس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا ایک خط چھپا ہے۔اس خط میں وہ لکھتے ہیں:

''گوٹن برگ (فوت1468ھ) کو فن طباعت کا موجد مانا جاتا ہے۔حال میں مجھے پتہ چلا کہ ویانا (آسٹریا) کے کتب خانۂ عام میں ایک ٹکڑا قرآن مجید کا موجود ہے جو گوٹن برگ سے پانچ سو سال قبل سلجوقی دور میں (غالباً مصر میں) چھپا ہے۔اور یہ تاریخ فرنگی محققوں نے بیان کی ہے۔آسٹریا کو فوراً خط لکھ کر اس کا فوٹو منگایا۔واقعی قابل دید اور قابل ذکر چیز ہے۔ میں اسے اپنے فرانسیسی مقالہ''تاریخ خط عربی''میں چھاپ رہا ہوں''(5جنوری1986)۔

اس طرح کی کتنی چیزیں ہوں گی جو مسلم عہد میں پیدا ہوئیں مگر آج ان کا کہیں نشان نہیں ملتا۔

مسلمانوں کو جب عروج حاصل ہوا تو انہوں نے کہیں بھی قوموں کے نشانات کو نہیں مٹایا۔حتیٰ کہ انہوں نے یونان کے طریق علاج کو لیا تو اس کا نام''یونانی علاج''رکھا،اس کو اسلامی علاج نہیں کہا۔مگر بعد کے زمانہ میں جب دوسری قوموں کو غلبہ حاصل ہوا تو انہوں نے بے دردی کے ساتھ اسلامی آثار کو مٹایا۔

اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ جو لوگ فی الواقع حق کے حامل ہوں ان کے اندر فیاضی کا مزاج ہوتا ہے اور جو لوگ ناحق پر ہوں وہ نسبتاً غیر فیاض ہو جاتے ہیں۔حق پرست کو اس کی ضرورت محسوس نہیں رہتی کہ وہ دوسروں کو مٹا کر عظمت حاصل کرے۔جبکہ غیر حق پرستوں کی نفسیات ہوتی ہے کہ دوسروں کو منظر سے ہٹائے بغیر انھیں عظمت حاصل نہیں ہو سکتی۔

28فروری1986

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب (لاہور) فروری1980ء میں دہلی آئے اور ہمارے یہاں ٹھہرے۔ میں نے گفتگو کے دوران کہا کہ ہندوستانی مسلمانوں کے بارے میں اقبال کا اندازہ بہت غلط تھا۔ان کا شعر ہے:

نہیں ہے نا امید اقبال اپنی کشت ویراں سے ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

اگر اقبال کا یہ اندازہ صحیح ہوتا تو اب تک اس ''مٹی'' کو زرخیز ہو جانا چاہیے تھا۔ کیوں کہ اقبال اور دوسرے بہت سے اکابر پچھلے سو برس سے اس کو صرف نم ہی نہیں کر رہے ہیں بلکہ اس پر فیض کی موسلا دھار بارش بھی برسا رہے ہیں، اس کے باوجود آج تک وہ زرخیز ثابت نہ ہو سکی۔

ڈاکٹر اسرار احمد اقبال کے بہت معتقد ہیں۔ انہوں نے اقبال کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ اقبال نے یہ بھی تو کہا ہے:

تیرے محیط میں کہیں گوہر زندگی نہیں ڈھونڈ چکا میں موج موج دیکھ چکا صدف صدف

عقیدت مندی حقیقت سے کس قدر بے خبر رہتی ہے، اس کی یہ ایک دلچسپ مثال ہے۔ اگر اقبال کے پہلے شعر کو لیا جائے تو ثابت ہوتا ہے کہ اقبال اپنی قوم کا صحیح اندازہ نہ کر سکے۔ اور اگر ان کے دونوں شعر بیک وقت لیے جائیں تو ان کی شخصیت اور زیادہ مجروح ہوتی ہے۔ کیوں کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اقبال تضاد بیانی کے شکار تھے۔ کبھی کچھ کہتے تھے اور کبھی کچھ۔ جو کلام اقبال کی تضاد فکری کو ثابت کر رہا تھا وہ عقیدت مند کے نزدیک ان کے مشکل ہونے کا ثبوت بن گیا۔

مگر عقیدت کے لیے یہ کوئی مسئلہ نہیں۔ وہ جب مسلم قوم کو زرخیز ثابت کرنا چاہے گا تو وہ اقبال کا پہلا شعر پڑھ دے گا۔ اور جب مسلم قوم کو بے گوہر بتانے کی ضرورت ہوگی تو وہ دوسرا شعر پڑھ دے گا۔ حکیم اور مفکر کی تعریف علم کی دنیا میں کچھ اور ہے اور عقیدت مندی کی دنیا میں کچھ اور۔

1 مارچ، 1986

ایک صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے اسلام کا کافی مطالعہ کیا ہے۔ میں نے کہا کہ اگر آپ سے پوچھا جائے کہ اسلام کا خلاصہ کیا ہے تو آپ کیا کہیں گے؟ انہوں نے جواب دیا کہ submission۔ میں نے کہا کہ آپ نے بالکل صحیح جواب دیا۔ اب اس کی تفصیل بتائیے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کے ہر معاملے میں اور ہر شعبہ میں submission، یہی کامل اسلام ہے۔

میں نے کہا کہ آپ نے شروع میں صحیح جواب دیا، مگر اس کے بعد آپ منحرف ہو گئے۔ یہ صحیح ہے کہ اسلام کی اصل submission ہے، مگر اس سے مراد آپ کا اپنا submission ہے، نہ کہ سیاست اور نظام کا submission۔ اسلام کا اصل مخاطب فرد ہے۔ فرد کو submissive بنانا اصل کام ہے۔ مگر آپ کی تشریح نے اسلام کو دین کے بجائے سیاست بنا دیا۔

2 مارچ، 1986

آج جناب انور علی بیگ (لکھنؤ) ملنے کے لیے آئے۔ وہ انجینئر ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ اسلامیات میں آپ نے کیا کیا چیزیں پڑھی ہیں؟۔ انہوں نے بتایا کہ وہ مولانا مودودی کا بیشتر لٹریچر پڑھ چکے ہیں۔ ''تفہیم القرآن'' کا بھی مطالعہ کیا ہے۔ ان کی گفتگو سے اندازہ ہوا کہ وہ مولانا مودودی کی فکر سے متاثر ہیں۔ اقبال کی بھی وہ کافی تعریف کر رہے تھے۔ اقبال کو انہوں نے اپنا مینٹر (mentor) بتایا۔

گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ آپ کے صبر کی پالیسی سے کچھ نہیں ہوسکتا۔ اسلام کے احیاء کے لیے ہمیشہ ''کربلا'' کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں نے کہا کہ کربلا کا رزلٹ (نتیجہ) بتائیے کہ کیا تھا؟ اس کے جواب میں وہ لمبی چوڑی تقریر کرتے رہے جو اصل سوال سے غیر متعلق تھی۔ میں نے انھیں یاد دلایا کہ میں نے آپ سے کربلا کا رزلٹ دریافت کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ کربلا کا رزلٹ ہے: پرنسپل (اصول) پر سمجھوتہ نہ کرنا۔ میں نے کہا کہ تاریخ سے یہ رزلٹ ثابت نہیں ہوتا۔ یہ تو محض شاعری ہے کہ ''سر داد مگر نداد دست در دست یزید''۔ ورنہ اصل حقیقت یہ ہے کہ امام حسین نے آخری لمحہ میں بیعت کی پیشکش کر دی تھی۔ چنانچہ تاریخ میں اس قسم کے الفاظ امام حسین کی طرف منسوب کیے گئے — وَإِمَّا أَنْ أَضَعَ يَدِي فِي يَدِ يَزِيدَ (انساب الاشراف للبلاَ ذُری، جلد 3، صفحہ 182)۔ یعنی، میں اپنا ہاتھ یزید کے ہاتھ میں رکھ دوں۔

اس کے جواب میں وہ تاریخ کے غیر معتبر ہونے پر تقریر کرنے لگے۔ میں نے کہا کہ کربلا کے نہ آپ عینی شاہد ہیں اور نہ اقبال۔ ایسی حالت میں ہم کو تاریخ ہی پر تو بھروسہ کرنا پڑے گا۔ میرا تجربہ یہ ہے کہ بیشتر لوگوں کی بات میں consistancy نہیں ہوتی۔ وہ کبھی کچھ کہتے ہیں اور کبھی کچھ۔ جب کہ علمی گفتگو اس کا نام ہے کہ آدمی اصل پوائنٹ پر قائم رہ کر بولے، وہ اس سے اِدھر اُدھر نہ ہٹے۔

3 مارچ، 1986

جناب محمد مخدوم صاحب (کشن گنج، دہلی) ملنے کے لیے آئے۔ انھوں نے تبلیغی جماعت میں چلہ دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مولانا محمد الیاس صاحب کہا کرتے تھے:

نیچی نظر، دل میں فکر، زبان پر ذکر اور قدم ملا کر چلو گے تو منزلیں آسان ہو جائیں گی۔

یہ بہت مومنانہ بات ہے۔ ایمان اللہ کی عظمتوں کے احساس کا نام ہے۔ جو شخص اللہ کی عظمتوں کے احساس سے بوجھل ہو رہا ہو، اس کی نگاہ جھک جائے گی۔ اس کا دل سوچ میں ڈوب جائے گا۔ اس کی زبان اللہ کو پکارے گی اور اللہ کو یاد کرنے لگے گی۔

جن لوگوں کے اندر یہ گہرے اوصاف پیدا ہو جائیں وہ اس کے بعد لازمی طور پر متحد ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے انانیت اور سرکشی کا جذبہ چھن جاتا ہے۔ اور جو لوگ انانیت اور سرکشی سے خالی ہو جائیں ان کے باہمی اتحاد میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ جو لوگ اس قسم کے ایمان و یقین سے سرشار ہوں اور پھر وہ باہم مل کر متحد ہو جائیں، ان کے لیے ہر منزل آسان ہے۔ کوئی طاقت ان کو زیر نہیں کر سکتی، کوئی مشکل ان کو کامیابی تک پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔

4 مارچ، 1986

افضال احمد ایم اے (اٹاوہ) ملاقات کے لیے تشریف لائے۔ وہ اٹاوہ میں بزنس کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ مقامی بک سیلر کے یہاں سے الرسالہ خرید کر پڑھتے ہیں اور 1978 سے پڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے الرسالہ کی کافی تعریف کی۔

میں نے کہا کہ الرسالہ صرف ایک ماہانہ میگزین نہیں، وہ ایک مشن ہے۔ اور مشن کا حق صرف اتنا ہی نہیں ہوتا کہ آپ اس کی تعریف کر دیں۔ مشن چاہتا ہے کہ آپ خود کو اس میں شامل (involve) کریں۔ یہی وجہ ہے کہ جب تک کوئی شخص ایجنسی نہ لے ہمارے نزدیک اس کی تعریف قابل لحاظ نہیں۔ وہ فوراً ایجنسی لینے کے لیے راضی ہو گئے۔

ایسے بھی لوگ ہیں جنہوں نے الرسالہ کی تعریف کی اور میں نے ان سے مذکورہ بات کہی، مگر وہ ایجنسی لینے کے لیے تیار نہیں ہوئے۔

انسانوں میں طرح طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ کسی مشن کی کامیابی کا سب سے بڑا راز یہ ہے کہ اس کو جاندار افراد مل جائیں۔ جاندار افراد وہ ہیں جو بات کو فوراً سمجھ لیں اور جو کچھ سمجھیں ان پر بلا تاخیر عمل کرنے کے لیے آمادہ ہو جائیں۔

جدید فکر

ایک مشہور عالم نے ایک مختصر کتاب لکھی ہے۔ اس کا عنوان ہے: ردة ولا أبا بكر لها (ارتداد ہے، لیکن اس کے لیے کوئی ابوبکر نہیں)۔ اس کتاب میں جدید مغربی فکر کے نتیجے میں مذہب کے خلاف پیدا ہونے والی بے اطمینانی کو ارتداد کہا گیا ہے۔ اس حقیقت کو جاننے کے لیے میں نے مغربی تہذیب کا مطالعہ کیا، اور اس قسم کے لوگوں سے ملاقاتیں کیں۔ اس کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ جدید دور کا کیس ارتداد کا کیس نہیں ہے، بلکہ وہ غلط فہمی یا عدم اطمینان کا کیس ہے۔

مولانا موصوف نے یہ بات دورِ جدید کے تعلیم گاہوں کے بارے میں کہی ہے۔ دور جدید کی تعلیم گاہوں میں کیا سکھایا جاتا ہے۔ مثلاً مشرقی اقوام میں اختلاف کا مطلب ہوتا ہے ایک رائے کا صحیح ہونا اور دوسری رائے کا باطل ہونا۔ اس کی وجہ سے مشرقی قوموں میں اختلاف رائے افکار کے ارتقا کا ذریعہ نہ بن سکا۔

اس کے برعکس، مغربی اقوام میں اختلاف رائے کے لیے ڈیسنٹ (dissent) کا تصور پایا جاتا ہے۔ یعنی کسی رائے کو حق اور باطل کے معیار پر جانچنے کے بجائے مجرد رائے کے اعتبار سے دیکھنا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے ہر چیز پر سوال قائم کیا۔ مثلاً بادل کیوں برستے ہیں، زمین کیوں گھومتی ہے، وغیرہ۔ اسی طرح انھوں نے مذہب کے اوپر بھی سوال قائم کیا۔ مثلاً یہ کہ خدا کا وجود کیسے ممکن ہے۔ مذہب پر سوال اٹھانے کو اہل مذہب نے پسند نہیں کیا۔ اس وجہ سے انھوں نے جدید تعلیم یافتہ لوگوں کے لیے اُس قسم کے الفاظ استعمال کیے، جن کو اوپر بیان کیا گیا ہے۔

یہ صورتِ حال کا درست تجزیہ نہیں تھا۔ مذہب پر سوال اٹھانے کا مطلب یہ تھا کہ دورِ جدید کے اعتبار سے مذہب کے لیے دلائل فراہم کیے جائیں۔ علما نے ایسا نہیں کیا۔ مگر راقم الحروف نے اللہ کے فضل سے اس اعتبار سے مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ جو علم حقیقۃً ایمانیات کا علم تھا، وہ اہل مذہب کے نزدیک غلط فہمی کی بنا پر ارتداد کا علم ہو گیا۔ چنانچہ راقم الحروف نے جدید سائنسی علوم کی روشنی میں کثیر تعداد میں مقالے اور کتابیں لکھیں۔ ان میں سے ایک مشہور کتاب مذہب اور جدید چیلنج ہے۔

محاسبۂ نفس کیا ہے

میمون بن مہران تابعی (وفات 117ھ) کا قول ہے: لَا يَكُونُ الرَّجُلُ تَقِيًّا حَتَّى يَكُونَ لِنَفْسِهِ أَشَدَّ مُحَاسَبَةً مِنَ الشَّرِيكِ لِشَرِيكِهِ (محاسبۃ النفس لابن ابی الدنیا: 7)۔ یعنی کوئی انسان متقی نہیں ہوسکتا، یہاں تک کہ وہ اپنے نفس کا اُس سے زیادہ شدت کے ساتھ محاسبہ کرنے والا نہ ہوجائے، جتنا کہ کوئی انسان اپنے بزنس پارٹنر کا محاسبہ کرتا ہے۔

محاسبہ کیا ہے۔ مثلاً جب بھی کسی کو ایسا لگے کہ اس کے اندر منفی احساس (negativity) کی زیادتی ہورہی ہے، اس کی ربانیت (spirituality) میں کمی محسوس ہورہی ہے یا اس کے اندر خدا سے تعلق (connection) کا احساس نہیں ہورہا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ فوراً اپنا جائزہ لے۔ آخر اس سے کیا کمی ہوگئی ہے، کیا غلطی ہوگئی ہے۔ کیا بات ہے کہ اس کا اللہ تعالیٰ سے کنکشن قائم نہیں ہو پارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے کنکشن فرشتوں کے ذریعہ قائم ہوتا ہے۔ ذرا بھی آدمی اگر نگیٹو ہوجائے تو فرشتے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت ابوبکر کے واقعہ سے معلوم ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ ایک آدمی آیا اور ابوبکر کو برا بھلا کہنے لگا۔ جب وہ برا بھلا کہہ رہا تھا تو آپ مسکرا رہے تھے۔ جب وہ بہت زیادہ برا بھلا کہنے لگا تو ابوبکر نے بھی اس کو کچھ جواب دے دیا۔ رسول اللہ نے جب ابوبکر کا ری ایکشن دیکھا تو آپ وہاں سے جانے لگے۔ یہ دیکھ کر حضرت ابوبکر آپ کی طرف بڑھے، اور پوچھا: اے خدا کے رسول، جب اس آدمی نے مجھے برا بھلا کہا تو آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ لیکن جب میں نے اس کا جواب دیا تو آپ ناراض ہوگئے اور وہاں سے اٹھ کر جانے لگے۔ ایسا کیوں؟ آپ نے کہا، جب وہ برا بھلا کہہ رہا تھا تو فرشتے اس کا جواب دے رہے تھے۔ لیکن جب تم نے اس کا جواب دیا تو فرشتے وہاں سے چلے گئے، اور شیطان وہاں آ گیا۔ اور جہاں شیطان ہو، وہاں پر میں نہیں بیٹھ سکتا (مسند احمد، حدیث نمبر 9624)۔

جب بھی آپ کو اپنی غلطی کا احساس ہو تو فوراً توبہ کیجیے۔ فوراً اپنی اصلاح کیجیے۔ ان شاء اللہ، دوبارہ پھر خدا سے کنکشن قائم ہوجائے گا۔ (ڈاکٹر فریدہ خانم)

پیغمبر اسلام کا نمونہ

عطاء بن یسار تابعی (وفات 103ھ) بیان کرتے ہیں کہ میں نے صحابیٔ رسول عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے ملاقات کی اور کہا کہ آپ نے تورات کا مطالعہ کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صفات تورات میں آئی ہیں ان میں سے کچھ بتائیے۔ عبداللہ بن عمرو نے جو کچھ کہا، اس کا ایک جزء یہ ہے — خدا کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تورات میں بالکل بعض وہی صفات آئی ہیں جو قرآن میں مذکور ہیں۔ جیسے کہ اے نبی! بیشک ہم نے تم کو شاہد اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا)، اور اُمی (اَن پڑھ) قوم کی حفاظت کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔ تم میرے بندے اور میرے رسول ہو۔ میں نے تمہارا نام متوکل رکھا ہے۔ تم نہ بداخلاق ہو، نہ سخت دل اور نہ بازاروں میں شور وغل مچانے والے (لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيظٍ، وَلَا سَخَّابٍ فِي الْأَسْوَاقِ)، وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں لے گا۔ بلکہ معاف اور درگزر کرے گا (صحیح البخاری، حدیث نمبر 2125)۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت اور آپ کے مشن کو جاننے کے لیے یہ ایک اہم حدیث ہے۔ اس حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بنیادی صفات معلوم ہوتی ہیں۔ ایک، آپ داعی الی اللہ ہیں، دوسرے، آپ آخری حد تک نو پرابلم پرسن ہیں۔ اس حدیث میں بظاہر رسول کی صفات بیان کی گئی ہیں، مگر وہ ہر انسان کے لیے رہنما اصول کی حیثیت رکھتی ہیں۔ وہ ہر انسان کو اعلیٰ انسان بننے کی طرف رہنمائی کرتی ہیں۔

حنفی عالم احمد بن اسماعیل الکورانی (وفات 893ھ) نے اس کی شرح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ آپ دین، انسانیت اور اخلاق کے اعتبار سے کامل تھے (وإشارة إلى أنه كامل ديانة ومروءة، وأخلاقًا) الکوثر الجاری الی ریاض احادیث البخاری، جلد 8، صفحہ 274۔

مذکورہ حدیث میں رسول اللہ کی سب سے پہلی صفت یہ ہے کہ "اے نبی! بیشک ہم نے تم کو شاہد اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے"۔ قرآن میں یہ حقیقت دو مقامات

(33:54,48:8) پر بیان کی گئی ہے۔ مولانا وحید الدین خاں صاحب اس کے تحت لکھتے ہیں کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے شاہد کا ترجمہ اظہار حق کنندہ (حق کا اظہار کرنے والا) کیا ہے۔ یہی اس لفظ کا صحیح ترین مفہوم ہے۔ پیغمبر کا اصل کام یہ ہوتا ہے کہ وہ حقیقت کا اعلان و اظہار کر دے۔ وہ واضح طور پر بتا دے کہ موت کے بعد کی ابدی زندگی میں کن لوگوں کے لیے خدا کا انعام ہے۔ ایسے ایک شاہدِ حق کا کھڑا ہونا اس کے مخاطبین کے لیے سب سے زیادہ سخت امتحان ہوتا ہے۔ ان کو ایک بشر کی آواز میں خدا کی آواز کو سننا پڑتا ہے۔ ایک عام انسان کو خدا کے نمائندہ کے روپ میں دیکھنا پڑتا ہے۔ ایک انسان کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیتے ہوئے یہ سمجھنا پڑتا ہے کہ وہ اپنا ہاتھ خدا کے ہاتھ میں دے رہے ہیں۔ جو لوگ اس اعلیٰ معرفت کا ثبوت دیں ان کے لیے خدا کے یہاں بہت بڑا اجر ہے (ماخوذ، تذکیر القرآن 48:8)۔

"اُمی قوم کی حفاظت کرنے والا بنا کر بھیجا ہے"۔ حفاظت کا مطلب سیاسی حفاظت نہیں ہے، بلکہ اس سے مراد وہی حقیقت ہے جس کو قرآن میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (62:2)۔ یعنی، وہی ہے جس نے امیوں کے اندر ایک رسول انھیں میں سے اٹھایا، وہ ان کو اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے۔ اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے، اور وہ اس سے پہلے کھلی ہوئی گمراہی میں تھے۔ دوسرے الفاظ میں، تزکیہ، تعلیم اور حکمت کے راستہ سے افرادِ عرب کی تربیت کرنا۔

"میں نے تمہارا نام متوکل رکھا ہے" کی شرح ابن حجر نے ان الفاظ میں کی ہے — أَيْ عَلَى اللّٰهِ لِقَنَاعَتِهِ بِالْيَسِيرِ وَالصَّبْرِ عَلَى مَا كَانَ يَكْرَهُ (یعنی اللہ پر بھروسہ کرنے والے ہیں، کیوں کہ وہ تھوڑی چیز پر قناعت کرتے ہیں، اور ناپسندیدہ چیز کے مقابلے میں صبر کرتے ہیں) فتح الباری، جلد 8، صفحہ 586۔

"تم نہ بداخلاق ہو، نہ سخت دل اور نہ بازاروں میں شور وغل مچانے والے"۔ اس کے تحت ایک شارح حدیث لکھتے ہیں کہ وہ نرم رو، شریف النفس ہیں، وہ بداخلاق نہیں کہ لوگوں پر چلّائیں، نہ غیر مہذب ہیں کہ بازار میں شور مچائیں، بلکہ لوگوں کے لیے نرم اور خیر خواہ ہیں (هو لين الجانب

شريف النفس لا يرفع الصوت على الناس لسوء خلقه، ولا يكثر الصياح عليهم في السوق لدناءته، بل يلين جانبه لهم ويرفق بهم) شرح الطیبی، جلد 11، صفحہ 3639۔

"وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں لے گا"—اس کی وجہ کیا ہے۔ اس کی وجہ ایک دوسری حدیث میں اس طرح بیان کی گئی ہے: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَمْحُو السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ، وَلَكِنْ يَمْحُو السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ، إِنَّ الْخَبِيثَ لَا يَمْحُو الْخَبِيثَ (مسند احمد، حدیث نمبر 3672)۔ یعنی 'بیشک اللہ تعالی برائی کو برائی سے نہیں مٹاتا ہے، لیکن برائی کو اچھائی سے مٹاتا ہے، بیشک برائی برائی کو ختم نہیں کرتی ہے'۔ اسی لیے قرآن میں کئی مقام پر برائی کو بھلائی سے ختم کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ مثلاً دیکھیے یہ آیتیں— 13:22, 23:96, 28:54, 41:34۔

اس حدیث سے جو سبق ملتا ہے، وہ مولانا وحید الدین خاں صاحب کے الفاظ میں یہ ہے—یہ تمام حقائق اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم ایک بااصول انسان تھے۔ آپ کی شخصیت حالات کے ردّعمل کی پیداوار نہ تھی۔ بلکہ اعلیٰ ربانی اصول کی پیداوار تھی۔ آپ کا اعلی اخلاقی صفات کا حامل ہونا، آپ کے اس دعوی کے عین مطابق ہے کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ کسی بھی سماج کے لیے اچھے اخلاق اور اعلیٰ کردار کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ افراد کے اندر اچھے اخلاق کا ہونا کسی سماج کو اچھا سماج بناتا ہے۔ اور افراد کے اندر برے اخلاق کا ہونا کسی سماج کو برا سماج بنا دیتا ہے۔

